MARYLAND STATE DEPARTMENT OF
EDUCATION
Achievement Matters Most

# اگلے مرحلے میں جانے کی منصوبہ بندی کا راہنما کتابچہ

(ٹرانزیشن پلاننگ گائڈ )




Maryland State Department of Education, Division of Special Education/Early Intervention Services • JANUARY 2010

ریاست میری لینڈ کا محکمہء تعلیم ملازمت سے متعلق یا پروگراموں تک رسائی دینے کے معاملات میں، نسل، رنگ، جنس، عمر، آبائی ملک، مذہب، معذوری، یا جنسی ترجیحات کی بنیاد پر امتیاز نہیں کرتا۔ محکمہ کی پالیسی کے بارے میں پتہ لگانے کے لیے، مندرجہ ذیل سے رابطہ کریں: the Equity Assurance and Compliance Branch, Office of the Deputy State Superintendent for Administration, Maryland State Department of Education, 200 West Baltimore Street, 6th Floor, Baltimore, Maryland 21201-2595.
فون: 410-767-0433، فیکس: 410-767-0431، (TTY/TDD): 410-333-6442، www.MarylandPublicSchools.org -

اس دستاویز کی تشکیل و مالی معاونت کی ہے 'ریاست میری لینڈ کے محکمہء تعلیم 'شعبہ خصوصی تعلیم/بروقت انسدادی خدمات' نے، بذریعہ 'ایکٹ برائے معذوری رکھنے والے افراد گرانٹ (***Part B Grant -# H027A090035***)، جس کے لیے رقم فراہم کی 'امریکی محکمہء تعلیم کے 'دفتر برائے خصوصی تعلیم اور بحالیء صحت' نے۔ ضروری نہیں کہ اس دستاویز میں موجود آراء، امریکی محکمہء تعلیم یا کسی اور وفاقی ادارے یا پروگرام کی آراء کی عکاس ہوں۔ MSDE کا 'شعبہ برائے خصوصی تعلیم/بروقت انسدادی خدمات' مالی معاونت حاصل کرتا ہے 'دفتر برائے خصوصی تعلیم کے پروگرام' 'دفتر برائے خصوصی تعلیم اور بحالیء صحت' 'امریکی محکمہء تعلیم .سے۔

اس دستاویز کا حق اشاعت محفوظ نہیں کیا گیا۔ قارئین کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ اس دستاویز کی کاپیاں چھپائیں اور بانٹیں، مگر براہِ مہربانی اس کی تشکیل MSDE، 'شعبہ برائے خصوصی تعلیم/بروقت انسدادی خدمات' سے منسوب کریں۔

*جیمز ایچ ڈی گرافنرائٹ جونیئر (James H. DeGraffenreidt, Jr.)*
صدر
ریاستی بورڈ برائے تعلیم

*نینسی ایس گرازمک (Nancy S. Grasmick)*
سکولوں کی ریاستی سپر انٹنڈنٹ

*کیرَل این ہیتھ (Carol Ann Heath)*
*نائب ریاستی سپر انٹنڈنٹ*
شعبہ برائے خصوصی تعلیم/بروقت انسدادی خدمات

*مارٹن او میلی (Martin O'Malley)*
گورنر

# اگلے مرحلے میں جانے کی منصوبہ بندی کا راہنما کتابچہ: ٹرانزیشن پلاننگ گائڈ،

## معذوری رکھنے والے بچوں کو، سیکنڈری سکول کے بعد، مناسب متوقع نتائج کی طرف روانگی کے لیے تیار کرنا

ریاست میری لینڈ کا محکمہء تعلیم
شعبہ برائے خصوصی تعلیم/بروقت انسدادی خدمات
جنوری 2010

# فہرست مضامین


ٹرانزیشن پلاننگ سے متعلق گھر کی فائل  میں رکھنے کی معلومات ........................................................... i

ٹرانزیشن  کا جائزہ ............................................................................................................ 1

'ایکٹ برائے معذوری رکھنے والے افراد' ............................................... **Error! Bookmark not defined.**

اگلے مرحلے میں جانے کی منصوبہ بندی (ٹرانزیشن پلاننگ،) .................................................................. 3

گریجویٹ کرنا (گریجویشن،) ........................................................................................................ 3

'میری لینڈ ایگزٹ ڈاکیومنٹ' ........................................................................................................ 4

حقداری بمقابلہ اہلیت ............................................................................................................... 5

میری لینڈ میں بالغوں کے لیے خدمت کے ادارے( ................................................................................ 5

1. 'میری لینڈ کی انتظامیہ، برائے نشو نما کی معذوریاںDDA' ................................................................. 6
2. 'شعبہ بحالیء صحت کی خماتDORS' ......................................................................................... 10
3. 'انتظامیہ برائے ذہنی صحت'، ................................................................................................ 12
4. شعبہ برائے تربیت و ترقیء کارکنان اور تعلیم بالغاں........................................................................ 19

ٹرانزیشن پلاننگ میں والدین کا کردار .............................................................................................. 22

ٹرانزیشن پلاننگ میں طالبِ علم کا کردار.......................................................................................... 23

ٹرانزیشن کا عمل: ادارے کے ساتھ تعلق ........................................................................................... 25

# ٹرانزیشن پلاننگ سے متعلق، گھر کی فائل (ہوم فائل،) کے لیے، معلومات

سکول سے نکلنے کی متوقع تاریخ: ____________________________________________

میرا بچہ یہ لے کر نکلے گا: ________ میری لینڈ ہائی سکول ڈپلومہ
________ میری لینڈ ہائی سکول کا سرٹیفکیٹ برائے تکمیل پروگرام

میرا بچہ مکمل کرے گا: ____________________________________________
***(تعلیمی کورس)***

میرے بچے کو اس کے تعلیمی اور پیشے سے متعلق منصوبے کی کاپی اس دن ملے گی: ____________________
***(تاریخ)***

میرے بچے کو سکول سے نکلنے کا دستاویز ('ایگزٹ ڈاکیومنٹ/Exit Document) اس دن ملے گا: ____________
***(تاریخ)***

**ٹرانزیشن پلاننگ سے متعلق گھر کی فائل** میں رکھنے کے لیے چیزیں:

تازہ ترین IEP ________

تازہ ترین نفسیاتی تجزیہ ________

تازہ ترین تعلیمی تجزیہ ________

تنخواہ کے چیک کا زائد معلوماتی ٹکڑا/ (ہر نوکری دینے والے کی طرف سے)________

اعزازات کی فہرست* ________

مبارک باد کے تمام خطوط کی کاپیاں* ________

حوصلہ افزائی کی اسناد کی کاپیاں* ________

*ضروری نہیں کہ یہ چیزیں سکول سے متعلق ہوں۔

# ٹرانزیشن کا جائزہ
## *ہم بطور بالغ اشخاص (ایڈلٹ) کیا کریں گے؟*
## *ہم وہاں تک کیسے پہنچ سکتے ہیں؟*

ریاست میری لینڈ کے محکمہء تعلیم کے ***'اگلے مرحلے میں جانے کی منصوبہ بندی کے راہنما کتابچے/گائڈ'*** (***ٹرانزیشن پلاننگ گائڈ،***) کا مرکز آپ کے معذوری رکھنے والے بچے کی سیکنڈری سکول کے بعد مناسب نتائج کی طرف روانگی ہے، اور یہ گائڈ زندگی کے اگلے مرحلے میں جانے کے لیے تیاری کرنے کی مدد کرتا ہے۔ ہر طالبِ علم کے اہداف اور نتائج ایک سے نہیں ہوں گے۔ تمام طالبِ علموں کو مستقبل میں نوکری کرنے کے لیے ہدف مقرر کرنے چاہییں، چاہے وہ نوکری فل ٹائم ہو یا پارٹ ٹائم یا ایسی نوکری ہو جسے کامیابی سے کرنے کے لیے مدد درکار ہو۔ تمام طلباء کو سیکنڈری سکول کے بعد ایسے تعلیم یا ٹریننگ لینے کے اہداف اور نتائج قائم کرنے چاہییں جن کی انہیں اپنے نوکری کے ہدف کو پانے کے لیے ضرورت ہو۔ ہو سکتا ہے آپکے بچے کے، خود مختارانہ زندگی گزارنے کے بھی کچھ مخصوص ہدف ہوں۔

'ایکٹ برائے معذوری رکھنے والے افراد ('آئڈیا'،)' میں درج ہے کہ اس قانون کا مقصد یہ ہے کہ "اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ ان تمام بچوں کے لیے جو کوئی معذوری رکھتے ہوں ایسی، مفت اور مناسب، تعلیم عامہ مہیا ہو جو ایسی خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات پر زور دیتی ہو جو انکی انفرادی ضروریات پورا کرنے اور انہیں نوکری اور خود مختارانہ زندگی گزارنے کے لیے تیار کرنے کے مقصد سے بنائی گئی ہوں۔ 2004 میں IDEA کے دوبارہ نفاظ پر اس میں، بچوں کے اگلے مرحلے میں جانے کی منصوبہ بندی (ٹرانزیشن پلاننگ،) اور انکے سیکنڈری سکول کے بعد کے نتائج کے بارے میں بہت مخصوص زبان استعمال کی گئی تھی۔ یہ قانون اس بات کی ضرورت پر زور دیتا ہے کہ، طالبِ علم جب اپنے اہداف اور نتائج حاصل کرنے کے لیے کام کرے تو، طلباء، تعلیم دان، والدین، اور کمیونٹی میں خدمات مہیا کرنے والے ، طالبِ علم کی حوصلہ افزائی اور معاونت کرنے کے لیے مل کر کام کریں۔ اس راہنما کتابچے کا مقصد، والدین، طلباء، تعلیم دانوں، اور کمیونٹی میں خدمات مہیا کرنے والوں کے درمیان باخبر شراکت پیدا کرنا ہے۔ یہ راہنما کتابچہ والدین کو منصوبہ بندی کے مرحلے کے لیے درکار معلومات بھی مہیا کرے گا۔

یہ راہنما کتابچہ اس مقصد سے بنایا گیا ہے تاکہ اگلے مرحلے میں جانے کی منصوبہ بندی کے عمل کے لیے **باخبر شراکتیں** قائم کی جائیں۔ سکول سے نکل کر، مناسب بالغ افراد کی سرگرمیوں میں منتقل ہونا، طلباء، خاندانوں، سکول کے عملے، اور کمیونٹی کے اداروں کا باہمی اشتراک چاہتا ہے۔

اس راہنما کتابچے میں مندرجہ ذیل مضامین کے بارے میں تفصیلات دی جائیں گی۔

- 'ایکٹ برائے معذوری رکھنے والے افراد ('آئڈیا'،)' 2004 کی اگلے مرحلے میں جانے کی منصوبہ بندی کی شرائط
- اگلے مرحلے میں جانے کی منصوبہ بندی (ٹرانزیشن پلاننگ،
- 'میری لینڈ ہائی سکول ڈپلومہ' اور 'میری لینڈ ہائی سکول کا سرٹیفکیٹ برائے تکمیل' حاصل کرنے کی شرائط
- میری لینڈ کا سکول سے نکلنے کا دستاویز (میری لینڈ ایگزٹ ڈاکیومنٹ،
- حقداری بمقابلہ اہلیت
- ادارے کی خدمات
  1. 'شعبہ برائے خدماتِ بحالیء صحت' ('ڈورز'، DORS)
  2. 'شعبہ برائے نشونما کی معذوری' [(DDA)
  3. 'انتظامیہ برائے ذہنی صحت' [(MHA)

4. محکمہ برائے مزدوران، اجرائے لائسنس، اور قانونی حد بندی--'شعبہ برائے تربیت و ترقیء کارکنان اور تعلیم بالغاں'

- 'سیکنڈری سکول کے بعد کی تعلیم میں معذوری رکھنے والوں کی معاونت کی خدمات' کے بارے میں معلومات
- اگلے مرحلے میں جانے کی منصوبہ بندی میں طالبِ علم کا کردار
- اگلے مرحلے میں جانے کی منصوبہ بندی میں والدین کا کردار
- اگلے مرحلے میں جانے کے لیے تعلقات کا قیام (ٹرانزیشن لِنکیج،)

# 'ایکٹ برائے معذوری رکھنے والے افراد' ('آئڈیا'، IDEA) 2004

'آئیڈیا/IDEA' 2004، 'اگلے مرحلے میں جانے' کی تعاریف کرتا ہے کہ یہ، "نتائج پر مرکوز ایسے عمل کے حصے کے طور پر بنایا گیا ہے، جس کی توجہ معذوری رکھنے والے بچوں کی تعلیمی اور عملی کارکردگی بہتر کرنے پر ہے تاکہ بچے کی، سیکنڈری سکول سے نکل کر دوسری سرگرمیوں کی طرف منتقل ہونے میں مدد کی جا سکے۔ " IDEA 2004 کی، 14 اگست 2006 کو جاری ہونے والی قانونی حد بندیاں ، 'اگلے مرحلے میں جانے' کی خدمات کی وضاحت ایسے کرتی ہیں کہ یہ "طلباء کی انفرادی ضروریات پوری کرنے اور انہیں مزید تعلیم، ملازمت، اور خود مختارانہ طرزِ رہائش کے لیے تیار کرنے کے مقصد سے بنی ہیں۔"

ٹرانزیشن کی خدمات کی مزید تعاریف ایسے کی گئی ہے کہ یہ معذوری رکھنے والے طالبِ علم کے لیے ایسی منظم و ہم آہنگ سرگرمیوں کا مجموعہ ہے جو:

- نتائج پر مرکوز ایسے عمل کے حصے کے طور پر بنایا گیا ہے، جس کی توجہ معذوری رکھنے والے بچے کی تعلیمی اور عملی کارکردگی بہتر کرنے پر ہے تاکہ بچے کی، سیکنڈری سکول سے نکل کر دوسری سرگرمیوں کی طرف منتقل ہونے میں مدد کی جا سکے، جس میں شامل ہے سیکنڈری سکول کے بعد کی تعلیم؛ پیشوں/ملازمت سے متعلق تعلیم؛ اشتراک کے ماحول میں ملازمت مزید تعلیم اور تعلیم بالغاں بالغ اشخاص کے لیے خدمات؛ خود مختار طرز رہائش یا کمیونٹی میں شمولیت؛
- بچے کی انفرادی ضروریات، اور اس کی قابلیت، ترجیحات اور دلچسپیوں کی بنیاد پر بنا ہے ؛ اور
- تدریس، متعلقہ خدمات، کمیونٹی کے تجربات، ملازمت اور سکول کے بعد کے دیگر، بالغوں کے طرزِ رہائش کے مقاصد کو تکمیل دینے اور جب مناسب ہو، روز مرہ کے رہن سہن کی مہارتیں حاصل کرنے اور پیشے/ملازمت کے عملی جائزے، پر حامل۔ ہے۔

میری لینڈ میں اگلے مرحلے میں جانے یعنی، ٹرانزیشن، کی منصوبہ بندی اور ٹرانزیشن کی خدمات کا آغاز سکول کے اس سال میں ہوتا ہے جس میں طالبِ علم 14 سال کا ہو جاتا ہے۔

# اگلے مرحلے میں جانے کی منصوبہ بندی

اگلے مرحلے میں جانے کی منصوبہ بندی کا ہدف یہ ہے کہ معذوری رکھنے والے افراد جب سکول مکمل کرتے ہوئے بالغوں کی دنیا میں زندگی گزارنے کے لیے تیار ہو رہے ہوں، تو انکی معاونت کی جائے۔ بالغوں کی سرگرمیاں، مندرجہ ذیل میں سے کوئی بھی ہو سکتی ہیں:

- ملازمت
- سیکنڈری سکول سے آگے کی تعلیم
- ملازمت کے لیے تربیت/ٹریننگ
- خود مختارانہ طرزِ رہائش
- کمیونٹی میں شمولیت
- بالغوں کے لیے خدمات

طالبِ علم کے مستقبل کی ٹرانزیشن پلاننگ کا آغاز ایلیمنٹری سکول سے ہوتا ہے، مختلف پیشوں سے آگاہی اور ان کو جانچنے کی سرگرمیوں کے دوران۔ بچے کے گھر والوں کا کردار، اسے مختلف پیشوں سے آگاہی دلوانے میں بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔ روزانہ، والدین اپنے ذاتی تجربات پر بات چیت کر سکتے ہیں اور اپنے بچوں کی مدد کر سکتے ہیں کہ وہ گھر کے افراد اور ہمسائیوں کی ملازمتوں کے بارے میں سیکھیں۔
14 سال اور اس سے بڑی عمر کے طلباء کے لیے، انکے 'انفرادی تعلیمی پروگرامIEP، کو تشکیل دینے کے لیے پہلا قدم ٹرانزیشن پلاننگ ہی ہے۔ اس کا آغاز یوں ہوتا ہے کہ طالبِ علم اپنی دلچسپیوں اور ترجیحات کے بارے میں سکول کے عملے میں سے کسی رکن سے بات کرتا/کرتی ہے، اور اس کے بعد:

1. طالبِ علم اور سکول کا عملہ سیکنڈری سکول کے بعد کے لیے، ملازمت، سیکنڈری سکول سے آگے کی پڑھائی یا ملازمت کے لیے تربیت/ٹریننگ، اور اگر مناسب ہو تو خود مختارانہ طرزِ رہائش، کے متوقع نتائج کا تعین کرتے ہیں۔ سیکنڈری سکول کے بعد کے لیے یہ متوقع نتائج عمر کی مناسبت سے کیے گئے ٹرانزیشن کے تجزیات کے نتیجوں کی بنیاد پر بنائے جاتے ہیں۔

2. اس کے بعد سکول کا عملہ یہ دیکھتا ہے کہ آنے والے سکول سال کے دوران، طالبِ علم کو در حقیقت اس کے متوقع نتائج تک پہنچانے میں مدد دینے کے لیے کونسی خدمات، بمع تعلیمی مضامین، اور سالانہ ہدف، پورے کرنا ضروری ہوگا (یہ تمام معلومات IEP میں شامل کی جاتی ہیں)۔

3. یہ عمل ہر سال دُہرایہ جاتا ہے تاکہ اس بات کا پتہ لگتا رہے کہ طالبِ علم کی دلچسپیاں اور متوقع نتائج وہی ہیں۔ IEP میں ایسی کوئی بھی تبدیلی کی جائے گی جس سے یقینی بنایا جا سکے کہ طالبِ علم اپنے بیان کردہ متوقع نتائج کی طرف مسلسل بڑھ رہا/رہی ہے۔

# گریجویٹ کرنا

**میری لینڈ ہائی سکول ڈپلومہ** کے اہل ہونے کے لیے، تمام طلباء کے لیے لازمی ہے کہ وہ کم از کم 21 کریڈٹ حاصل کریں۔ لازمی کورس کریڈٹ کے علاوہ تمام طلباء کے لیے لازمی ہے کہ وہ 75 گھنٹے کی 'خدمت از طالبِ علم' مکمل کریں، یا 'خدمات از طالبِ علم' کا کوئی مقامی تشکیل کردہ پروگرام مکمل کریں۔ ہو سکتا ہے کہ سکولوں کے مقامی نظام مزید کریڈٹ حاصل کرنے کی شرط قائم کر دیں، یا طالبِ علم کو ریاست کی کم سے کم شرائط سے بڑھ کر، مقامی شرائط پوری کرنے کی ترغیب دینے کے لیے ڈپلومہ میں تعریفی/تصدیقی الفاظ کا اضافہ کریں۔ ہائی سکول کے کورسوں کے کریڈٹ کو 'سیکھنے کے بنیادی اہداف' سے ہم آہنگ کرنے کی وجہ سے یہ ضروری ہے کہ ہر طالبِ علم ایسے کورس لے جو 'ہائی سکول کے تشخیصی تجزیے' ، کے لیے بنے ہیں۔ جس سال طالب علم کریڈٹ لینے کے لیے کسی کورس میں داخل ہو، اس کے لیے ضروری ہے کہ وہ اس کورس سے متعلق HSA کا امتحان بھی دے۔

معذوری رکھنے والے وہ طلباء جو ہائی سکول ڈپلومہ کی شرائط پوری نہیں کر سکتے انہیں **'میری لینڈ ہائی سکول کا سرٹیفکٹ برائے تکمیلِ پروگرام'** دیا جا سکتا ہے اگر وہ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک معیار پر پورا اترتے ہوں:

- طالبِ علم، گریڈ 8 کے بعد، کم از کم چار (4) سال یا اس کی مساوعی عمر کسی تعلیمی پروگرام میں داخل رہا/رہی ہے، اور اس کی IEP ٹیم کی طرف سے، اس کے والدین کی رضامندی کے ساتھ، یہ تعین کیا گیا ہے کہ اس فرد نے ملازمت کی دنیا میں داخل ہونے، ایک ذمہ دار شہری کے طور پر رہنے، اور ایک مطمئِن زندگی گزارنے کے لیے، مناسب مہارتیں پیدا کر لی ہیں۔
- طالبِ علم، گریڈ 8 کے بعد، کم از کم چار (4) سال یا اس کی مساوعی عمر کسی تعلیمی پروگرام میں داخل رہا/رہی ہے اور وہ اپنے موجودہ سکول سال کے اختتام تک 21 سال کا ہو جائے گا/گی۔

# میری لینڈ ایگزٹ ڈاکیومنٹ

میری لینڈ کا سکول سے نکلنے کا دستاویز ، گریجویٹ کرنے والے طلباء کو IEP کی اہم معلومات فراہم کرتا ہے جنہیں وہ سیکنڈری سکول کے بعد کی سرگرمیوں میں شامل ہونے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔ ان سرگرمیوں میں شامل ہے، ملازمت، سیکنڈری سکول سے آگے کی پڑھائی، معاونت کے ساتھ ملازمت ، یا کمیونٹی کی خدمت کے اداروں کا پیش کردہ خود مختارانہ طرزِ رہائش۔ یہ دستاویز، طلباء کو 'میری لینڈ ہائی سکول ڈپلومہ' یا 'میری لینڈ ہائی سکول کے سرٹیفکیٹ برائے تکمیل پروگرام' کے ساتھ دیا جاتا ہے۔

معذوری رکھنے والے بالغ نوجوانوں کے لیے **لازمی ہے** کہ معاونت یا مناسب رہائش کے لیے درخواست دیں، چاہے وہ سیکنڈری سکول سے آگے کی پڑھائی، ملازمت یا خود مختارانہ طرزِ رہائش کے لیے ہو۔ اس دستاویز میں موجود معلومات، درخواست دینے کے عمل میں ان کے لیے بہت مددگار ہوں گی۔ اس دستاویز کو انٹرنیٹ پر بنے ایک پروگرام کے ذریعے تیار کیا گیا ہے۔ اس دستاویز کو سکول کے عملے کے ایک رکن اور طالبِ علم نے، طالبِ علم کے گھر والوں کی رائے کو ملحوظ رکھ کر، تشکیل دیا ہے ۔

اس دستاویز کے لیے مواد، طالبِ علم کی IEP ٹیم کی ملاقاتوں میں اکٹھا کرنا چاہیے جہاں اگلے مرحلے میں جانے کی منصوبہ بندی عمل میں آتی ہے۔ یہ دستاویز 'ٹرانزیشن' کی منصوبہ بندی کے لیے بطور خاکہ کام آ سکتا ہے۔ یہ دستاویز، ملازمت دینے والوں، سیکنڈری سکول سے آگے کے تعلیمی اداروں، اور بالغوں کے لیے خدمات مہیا کرنے والوں کو اس بالغ نوجوان کی مہارتوں، قابلیتوں، اور کسی بھی ایسی معاونت کے بارے میں با معنی معلومات فراہم کرتا ہے، جس کی اسے کامیاب ہونے کے لیے ضرورت ہو۔

'میری لینڈ ایگزٹ ڈاکیومنٹ' کے 10 حصے ہیں۔ نیچے دیے گئے ہر حصے میں وضاحتی عنوان اور بالغ نوجوان کے بارے میں مخصوص معلومات شامل ہیں۔

- شماریات سے متعلق معلومات
- تعلیمی نصاب/مضامین
- تعلیمی سہولیات/معاونت
- ملازمت کی ترجیحات
- ذاتی خصوصیات
- ذاتی دلچسپیاں

- ملازمت کے لیے سہولیات/معاونت
- بنیادی مہارتوں کی درجہ بندی
- گزشتہ ملازمت
- ایسے اشخاص بطور حوالہ، جو گزشتہ کام کی تصدیق کریں

## حقداری بمقابلہ اہلیت

تعلیم عامہ کی **حقداری** اور اس کے مقابلے میں، بالغوں کے لیے خدمات جن کی بنیاد **اہلیت** پر ہے، کے درمیان فرق سمجھنا بہت مشکل ہو سکتا ہے۔ میری لینڈ میں، ایسا طالبِ علم جو کوئی معذوری رکھتا ہو اور خصوصی تعلیمی خدمات حاصل کر رہا ہو وہ مناسب پبلک تعلیم کا **حقدار** ہے، اس سکول سال کے اختتام تک، جس میں وہ 21 سال کا ہو جائے گا (IDEA 2004)، یا جب وہ 'میری لینڈ ہائی سکول ڈپلومہ' یا 'میری لینڈ ہائی سکول سرٹیفکیٹ برائے تکمیلِ پروگرام' حاصل کر لے۔ جب طالبِ علم ایک دفعہ سکول سے نکل جائے، تو بالغوں کے لیے خدمت کے اداروں سے خدمات حاصل کرنے کے لیے یہ لازمی ہے کہ وہ اہلیت کی **شرائط** پر پورا اترے اور فنڈنگ دستیاب ہو۔

## 'میری لینڈ کے بالغوں کے لیے خدمت کے ادارے'

مندرجہ ذیل حصے میں ایسے اداروں کے بارے میں بتایا جائے گا، جو ممکن ہے آپ کے بچے کے سکول سے نکلنے کے بعد اس کو خدمات مہیا کریں یا اس کے لیے خریدیں۔ چار ایسے ریاستی ادارے ہیں جو ممکن ہے آپ کے بچے کو ایسی خدمات مہیا کریں یا اس کے لیے خریدیں جو آپکے بچے کو زیادہ سے زیادہ خود مختار رہنے میں مدد دیں۔ ان میں سے کسی بھی ادارے سے خدمات لینے کا اہل ہونے کے لیے آپکے بچے کو بہت مخصوص شرائط پر پورا اترنا ہوگا۔ ادارے کی وضاحت میں مخصوص اہلیت کی شرائط بھی سمجھائی گئی ہیں۔ یہ چار ادارے ہیں:

1. 'میری لینڈ کی انتظامیہ برائے نشو نما کی معذوریاں'
2. 'شعبہ برائے بحالیء صحت کی خدمات/ریاست میری لینڈ کا محکمہء تعلیم'
3. 'انتظامیہ برائے ذہنی صحت/محکمہء صحت و ذہنی صحت'
4. 'دفتر برائے ترقیء کارکنان اور تعلیم بالغاں' میری لینڈ محکمہ برائے مزدوران، اجرائے لائسنس، اور قانونی حد بندی'

اس حصے میں سیکنڈری سکول سے آگے کی پڑھائی میں، معذوری میں معاونت کی ان خدمات کا بھی بتایا جائے گا جن کے لیے آپکا بچہ سیکنڈری سکول سے آگے پڑھائی جاری رکھنے کے دوران درخواست دے سکتا ہے، جس میں یونیورسٹیاں، کالج، کمیونٹی کالج، یا پیشوں سے متعلق سکول شامل ہیں۔

## *.1'میری لینڈ کی انتظامیہ، برائے نشو نما کی معذوریاں (DDA)'*

'میری لینڈ کی انتظامیہ، برائے نشو نما کی معذوریاں' DDA، 'میری لینڈ محکمہء صحت و ذہنی صحت' کی راہنمائی میں خدمات مہیا کرنے کا ایک منظم نظام فراہم کرتی ہے تاکہ جو افراد نشو نما کی معذوری رکھتے ہیں انہیں معاشرے کا حصہ بننے کے ہدف کو پانے کے لیے مناسب خدمات پہنچائی جائیں۔ یہ خدمات اکثر کمیونٹی کی بنیاد پر تشکیل دی گئی ہوتی ہیں اور غیر کاروباری خدمت مہیا کرنے والی تنظیموں کے ذریعے پہنچائی جاتی ہیں۔

خاندانوں، خدمات مہیا کرنے والوں، مقامی اور ریاستی اداروں کے درمیان شراکتیں پیدا کرنے میں DDA اولین کردار ادا کرتا ہے اور یہ یقینی بنانے کے لیے وکالت کرتا ہے کہ جو افراد نشو نما کی معذوری رکھتے ہیں، انہیں اور ان کے گھر والوں کو وہ وسائل مہیا ہوں جو نشو نما کو فروغ دینے کے لیے ضروری ہیں جس میں وہ وسائل بھی شامل ہیں جو عوام الناس کو مہیا ہیں۔ کیونکہ ہم ہر فرد کے حقوق اور عزتِ نفس پر یقین رکھتے ہیں، ہم اس پر کاربند ہیں کہ:

- نشو نما کی معذوری رکھنے والے افراد اور انکے گھر والوں کو یہ اختیار دیا جائے کہ وہ ایسی خدمات اور معاونت چن سکیں جو انکی ضرورتوں پر پورا اترتی ہے۔
- نشو نما کی معذوری رکھنے افراد کو کمیونٹی کی سرگرمیوں میں ساتھ ملانا تاکہ شمولیت کو فروغ ملے۔
- ایسی معیاری معاونت/سہارے کی فراہمی جس کی بنیاد صارفین کی تسلی ہو اور جو انفرادی نشو نما اور ترقی کو زیادہ سے زیادہ تقویت دے۔
- مالی طور پر ایسے ذمہ دارانہ اور لچکدار خدمت کے نظام کا قیام جو ان وسائل کا بہترین استعمال کرے جو میری لینڈ کے شہریوں نے نشو نما کی معذوری رکھنے والے افراد کی خدمت کے لیے مقرر کیے ہیں۔

DDA کا مشن راہنمائی مہیا کرنا ہے تاکہ نشو نما کی معذوری رکھنے والے افراد اور ان کے گھر والوں کی کمیونٹی کے تمام شعبوں میں شمولیت کو یقینی بنایا جائے۔ اس کے علاوہ، DDA کا ہدف ہے کہ انہیں اختیار دیا جائے کہ وہ ایسی معیاری معاونت اور خدمات حاصل کر سکیں جو انفرادی نشو نما، خود مختاری، اور فعالیت کو فروغ دینے کے لیے ضروری ہیں۔ DDA اس بات پر کاربند ہے کہ نشو نما کی معذوری رکھنے والے تمام افراد کو *خود مختاری کے چار اصولوں* پر عمل درامد کرنے کا مختار بنایا جائے: (1) اپنی مرضی کے فیصلے کرنے کی آزادی؛ (2) خدمات و معاونت پر اختیار؛ (3) وسائل کو منظم کرنے کی ذمہ داری؛ اور (4) کمیونٹی میں رہنے کے لیے ضروری معاونت/سہارے

**اہلیت**

کوئی فرد تمام تر خدمات کا اہل اس وقت ہوتا ہے اگر وہ کوئی شدید، دائمی معذوری رکھتا ہو، ایسی معذوری جو:

- کسی جسمانی یا ذہنی نقص سے متعلق ہو، سوائے اس کے کہ اسے صرف ایک ذہنی مرض کے طور پر تشخیص کیا گیا ہو، یا پھر وہ ذہنی اور جسمانی نقائص کا کوئی امتزاج ہو؛
- اس فرد کی عمر، 22 سال کی ہونے سے پہلے ظاہر ہو گئی ہو؛
- جس کے بارے میں قیاس ہو کہ وہ ہمیشہ رہنے والی ہے؛

- جس کے نتیجے میں بیرونی معاونت/سہارے یا قائم رہنے والی اور معمول سے ملتے رہنے والی مدد کے بغیر خود مختارانہ طرز رہائش رکھنا نا ممکن ہو جائے؛

- جو اس بات کی عکاسی کرے کہ ایسے خاص، بین الشعبہ جات یا عمومی دیکھ بھال، علاج، یا دیگر خدمات کے امتزاج اور ترتیب کی ضرورت ہوگی جس کی اس فرد کے لیے منصوبہ بندی کرنی ہوگی اور منظم کرنا ہوگا۔ (صحت عمومی، Health General 7-101[e])

کوئی فرد صرف معاونت/سہارے کی خدمات کا اہل ہے اگر وہ کوئی ایسی شدید، دائمی معذوری رکھتا ہے جو:

a. کسی جسمانی یا ذہنی نقص سے متعلق ہو، سوائے اس کے کہ اسے صرف ذہنی مرض کے طور پر تشخیص کیا گیا ہو، یا پھر وہ ذہنی اور جسمانی نقائص کا کوئی امتزاج ہو؛

*b.* جس کے بارے میں قیاس ہو کہ وہ ہمیشہ رہنے والی ہے *(صحت عمومی، Health General 7-403[c])*

افراد کے لیے لازمی ہے کہ وہ DDA کی خدمات کے لیے درخواست دیں اور اس کے اہل قرار دیے جائیں۔ اگر اس بات کا تعین کر لیا جائے کہ کوئی فرد DDA کی خدمات کا اہل ہے تو اس فرد کو خدمت کے مندرجہ ذیل زمروں میں سے کسی ایک میں ڈالا جائے گا۔ انہیں اس ترتیب سے فہرست کیا گیا ہے جس ترتیب سے درخواست دہندہ کو خدمت مہیا کی جائے گی:

- زمرہ I - شدید مسئلے کا حل
- زمرہ II - شدید مسئلے کو روکنا
- زمرہ III - حالیہ درخواست

**DDA کی طرف سے فراہم کردہ خدمات میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:**

- **'گھر اور کمیونٹی سے متعلقہ خدمات کا بازنامہ'** 'میڈی کیڈ کے گھر اور کمیونٹی سے متعلقہ خدمات (HCBS) کے بازنامے کے پروگرام کو 'سوشل سکیورٹی ایکٹ' کے سیکشن (c) 1915 میں بااختیار کیا گیا ہے۔ یہ پروگرام ریاست کو اجازت دیتا ہے کہ وہ گھر اور کمیونٹی سے متعلقہ ایسی مختلف خدمات کا انتظام کر سکتی ہے جو میڈی کیڈ سے فائدہ اٹھانے والوں کی معاونت کرے کہ وہ کمیونٹی میں رہ سکیں اور کسی ادارے میں رہنے پر مجبور نہ ہوں۔ ریاست، اپنے بازنامے کے پروگرام کو تشکیل دینے کے لیے کافی زیادہ اختیار رکھتی ہے تاکہ ان لوگوں کے ضروریات پر توجہ دے سکے جو اس بازنامے کے ہدف میں شامل ہیں۔ بازنامے کی خدمات ان خدمات کو بہتر بنانے کے لیے انکے ساتھ پیش ہیں اور/یا ان کے علاوہ ہیں جو خدمات اس پروگرام میں شمولیت رکھنے والوں کو 'میڈی کیڈ سٹیٹ پلان' اور دیگر وفاقی، ریاستی اور مقامی عوام کے لیے بنے پروگراموں سے مل رہی ہیں، اور اس کے بھی علاوہ ہیں جو معاونت گھر والوں اور کمیونٹی سے مل رہی ہے۔ جو افراد مکمل اہلیت کا درجہ رکھتے ہیں (نہ کہ صرف معاونت کی خدمات کی اہلیت کا)،وہ 'محکمۂ صحت اور ذہنی صحت' کے 'بازنامے کی خدمات کی اہلیت کے شعبہ' کی طرف سے اس بازنامے کے تحت میڈی کیڈ کے اہل ہیں۔

- **'نئی ہدایات کا بازنامہ'**: 'نیو ڈائرکشنز ویوَر' افراد کو یہ آزادی دیتا ہے وہ ایک مالی انتظام کی خدمت اور اس میں معاونت کی بروکر کمپنی کو استعمال کر کے، اپنی ملنے والی خدمات میں سے کافی خدمات کا رخ خود متعین کریں۔ معاون بروکر(، افراد کی، انکی خدمات کا انتظام خود چلانے میں، معانت کرتا ہے اور افراد کی معاونت کرتا ہے کہ وہ ایسی مہارتیں حاصل کر سکیں جن کی انہیں، اپنی خدمات کے انتظام خود چلانے کے لیے ضرورت ہے۔ یہ معاون بروکریج ، وسائل کی انتظامیہ ('ریزورس کوارڈینیشن'، کے ساتھ ساتھ کام کرتی ہے، جس میں یہ پروگرام کا انتظام چلانے کے روزانہ کے کام سمبھالتی ہے جبکہ 'ریزورس کوارڈینیشن' دور رس منصوبہ بندی، نئی خدمات سے متعارف کرانے، اور معیار پر نظر رکھنے کے فرائض انجام دیتی ہے۔ 'نیو ڈائریکشن' کے ذریعے ملنے والی خدمات ایسی خدمات ہیں جن کی افراد کو اپنے ذاتی گھر یا اپنے خاندان

والوں کے گھر میں کامیابی سے رہنے کے لیے ضرورت ہو سکتی ہے۔ صارفین کی طرف سے متعین کردہ خدمات میں شامل ہے، خیال رکھنے والوں کو آرام دینا معاونت کے ساتھ ملازمت ملازمت کے بارے میں جاننا اور اسے اپنی مخصوص ضروریات کے مطابق کرنا کمیونٹی میں سیکھنے کی خدمات کمیونٹی کی معاونت سے رہنے کا انتظام ٹرانسپورٹیشن، رسائی کے لیے ماحولیاتی تبدیلیاں خاندان اور افراد کی معاونت کی خدمات اگلے مرحلے میں جانے کی خدمات معاون بروکریج اور معاون ٹیکنالوجی اور امدادی سامان

- **'کمیونٹی پاتھ ویز'** 'کمیونٹی پاتھ ویز' کا بازنامہ نشو نما کی معذوری رکھنے والوں کی معاونت کرتا ہے تاکہ وہ کسی ادارے میں رہنے کی بجائے اپنے گھروں اور کمیونٹی میں رہ سکیں۔ اس بازنامے کے تحت دی جانے والی خدمات "روایتی" خدمات کہلاتی ہیں جس میں اس خدمت کو مہیا کرنے کی فنڈنگ، خدمت مہیا کرنے والے ادارے کو دی جاتی ہے۔ ان خدمات میں شامل ہیں، دن میں پہنچائی جانے والی صحت یابی کی خدمات اور دن میں زیادہ عرصہ رکھ کر پہنچائی جانے والی صحت یابی کی خدمات، (جس میں شامل ہے، معاونت کے ساتھ ملازمت، ملازمت کے بارے میں جاننا اور اسے اپنی مخصوص ضروریات کے مطابق ڈھالنا، اور کمیونٹی میں سیکھنا)، کمیونٹی کی رہائشی خدمات، کمیونٹی کی معاونت سے رہنے کا انتظام 'ریسپائٹ' 'ریزورس کوارڈینیشن' (کیس مینجمنٹ، ماحولیاتی تبدیلیاں لانا خاندان اور افراد کی معاونت کی خدمات، 'ٹرانزیشن' کی خدمات، طبی 'ڈے کیئر' اور معاون ٹیکنالوجی اور امدادی سامان ۔

- **'ملازمت اولین'** DDA کی خدمات اس یقین کے ساتھ پیش کی جاتی ہیں کہ نشو نما کی معذوری رکھنے والے تمام افراد ملازمت **کر سکتے ہیں،** جب انہیں موقع، تربیت، اور دیگر ایسی معاونت دی جائے جو فرد کی قابلیت کو بڑھائے۔ خدمات کو ایک مشترک ماحول میں مہیا کیا جاتا ہے، اور انہیں فرد کے انفرادی دیکھ بھال کے منصوبے کے تحت دیا جاتا ہے، جس کا تعین ایک تفصیلی منصوبہ بندی کے عمل سے کیا جاتا ہے جو انفرادی شخص کو نظر میں رکھتا ہے اور زیادہ تر مشترک ماحولوں کا جائزہ لیتا ہے اور جو کمیونٹی میں شمولیت کی راہ میں حائل موجودہ رکاوٹوں سے نمٹنے کے ہدف بناتا ہے۔

**نوٹ**: *ایسے تمام لوگوں کے لیے جو DDA کی خدمات حاصل کر رہے ہیں اور ملازت کی عمر کے ہیں (16 تا 64 سال)، ملازمت کے انتخاب کو 'اولین' ترجیح دی جائے گی۔*

- **'نوجوانوں کو اگلے مرحلے میں جانے کی تحریک از گورنر' ('گورنرز ٹرانزشننگ یوتھ انیشیٹو'،** 'گورنرز ٹرانزشننگ یوتھ انیشیٹو' (GTYI) کو 1989 میں یہ دکھانے کے لیے بنایا گیا تھا کہ شدید ترین معذوری رکھنے والے افراد بھی سکول سے نکلنے کے بعد ملازمت کر سکتے ہیں اور میری لینڈ کا مستقبل بنانے میں حصہ لے سکتے ہیں۔ 'ٹرانزشننگ یوتھ' اہلیت کے ایک مخصوص زمرے اور خدمت حاصل کرنے کی خاص ترجیح کا حامل ہے۔ DDA، 'گورنرز ٹرانزشننگ یوتھ انیشیٹو' کے ذریعے اور 'شعبہ برائے بحالیء صحت کی خدمات' (DORS)، کے ساتھ مل کر، ایسے اہل گریجویٹ ہونے والے طلباء کے لیے معاونت کے ساتھ ملازمت کے پروگرام کے لیے رقم مہیا کرنے میں کامیاب رہا، جن طلباء کو ممکن ہے ویسے DDA کی خدمات نہ مل پاتیں۔ کسی فرد کو 'گورنرز ٹرانزشننگ یوتھ انیشیٹو' (GTYI) کے لیے اہل ہونے کے لیے *لازمی ہے کہ اسے نشو نما کی معذوری رکھنے والے فرد کے طور پر مکمل اہل سمجھا جائے۔ اس کے علاوہ، طالبِ علم اپنی اکیسویں (21st) سالگرہ سے لے کر اپنی بائیسویں (22nd) سالگرہ تک اہل ہوگا۔ اگر گریجویٹ کرنے کی تاریخ اس فرد کی اکیسویں (21st) سالگرہ کے بعد آتی ہے تو وہ فرد گریجویٹ کرنے کی تاریخ سے لیکر ایک سال بعد تک اہل رہے گا۔*

GTYI کی طرف سے فراہم خدمات، ان خدمات کا تسلسل نہیں ہیں جن میں سے، ملازمت حاصل کرنے کے لیے، لوگوں کو گزرنا پڑتا ہے۔ خدمات کی فہرست، سب سے زیادہ مشترک خدمت کو سب سے پہلے رکھ کر بنائی گئی ہے۔

  - ***'معاونت کے ساتھ ملازمت' کی خدمات*** کمیونٹی سے متعلقہ ایسی خدمات ہیں جو افراد کی ملازمت ڈھونڈنے اور اسے قائم رکھنے میں مدد کرتی ہیں، یا کمیونٹی میں انہیں اپنا کاروبار قائم کرنے میں مدد دیتی ہیں۔ یہ معاونت جو اکثر کسی ملازمت کے کوچ کی مدد سے دلوائی جاتی ہے، فرد کی ضرورت کے

مطابق، مختلف درجوں کی ہوتی ہے۔ یہ معاونت جاری رہنے والی ہو سکتی ہے یا وقت کے ساتھ ختم ہونے والی۔ نمونوں میں شامل ہے، اپنے لیے کام/کاروبار کرنا انفرادی ملازمت اور گروپ میں ملازمت (یعنی 'آنکلیو' یا 'موبائل کرُو')۔ 'نیو ڈائریکشنز ویوَر' کے تحت اس خدمت کا رخ خود متعین کیا جا سکتا ہے۔

- ***ملازمت کے بارے میں جاننے اور اسے اپنی مخصوص ضروریات کے مطابق کرنے کی خدمات*** محدود مدت کی، کمیونٹی سے متعلقہ (3 ماہ کے عرصہ کی) خدمات ہیں، جنہیں اس لیے تشکیل دیا گیا ہے تاکہ افراد کو مشترکہ ملازمت کی جگہ پر اچھی نوکری لینے میں جہاں دوسروں کے مقابل تنخواہ ملتی ہو معاونت کی جائے، ایسی ملازمت کے بارے میں معلومات دے کر، اسے انفرادی ضرورت کے مطابق ڈھال کر اور تربیت مہیا کر کے۔ ان خدمات میں شامل ہے، مگر اس تک محدود نہیں، کمیونٹی سے متعلقہ حالات کا تجزیہ، ملازمت میں تربیت و ترقی، ملازمت اور کاموں کے تجزیے کی سرگرمیاں، ملازمت کے لیے تربیت، کام کی مہارتوں کی تربیت، کام کی چیزوں/سامان میں حسبِ ضرورت تبدیلی، لائحہ عمل، طریقہء کار، وغیرہ۔ 'نیو ڈائریکشنز ویوَر' کے تحت اس خدمت کا رخ خود متعین کیا جا سکتا ہے۔

- ***کمیونٹی میں سیکھنے کی خدمات*** کمیونٹی سے متعلقہ خدمات ہیں جو لوگوں کی معاونت کرتی ہیں وہ مہارتیں اور معاشرتی سہارے قائم کرنے میں جو ملازمت لینے کے لیے ضروری ہیں؛ مثبت نشو نما کو فروغ دیتی ہیں، اور، خصوصی سرگرمیاں، خصوصی معاونت، معاونت/سہارا، اور تعلیم فراہم کرتی ہیں۔ یہ خدمات بہت زیادہ انفرادی نوعیت کی ہیں اور ان میں شامل ہیں، مگر ان تک محدود نہیں: خود مختارانہ فیصلے کرنے کی تربیت لینا؛ ورکشاپوں اور کلاسوں میں جانے کی معاونت؛ اپنے ہم سروں کی راہنمائی رضاکارانہ سرگرمیاں؛ صحت کو فروغ دینے والی سرگرمیاں؛ میل جول، وغیرہ۔ 'نیو ڈائریکشنز' کے پروگرام کے تحت اس خدمت کا رخ خود متعین کیا جا سکتا ہے۔

- ***روایتی، دن میں پہنچائی جانے والی صحت یابی کی خدمات*** اداروں میں دی جانے والی خدمات ہیں جہاں منظم سرگرمیاں فراہم کی جاتی ہیں تاکہ ہلنے جلنے، رابطے، ذاتی صفائی، تفریحی سرگرمیوں اور کمیونٹی میں شمولیت کو بڑھایا جائے یا قائم رکھا جائے۔

- **'ٹکٹ ٹو ورک پروگرام'** 'ٹکٹ ٹو ورک' اور 'سیلف سَفیشنسی' پروگرام، معذوری رکھنے والے ایسے افراد کے لیے ملازمت کا پروگرام ہے جو ملازمت کرنا چاہتے ہیں۔ 'ٹکٹ ٹو ورک' پروگرام کے تحت، سوشل سیکیورٹی کی انتظامیہ معذوری کے باعث تنخواہ وصول کرنے والوں کو ایک'ٹکٹ' مہیا کرتی ہے جسے ایسی خدمات اور معاونت حاصل کرنے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے جو کامیابی سے ملازمت کرنے کے لیے ضروری ہیں۔

**مزید معلومات یا خدمات کے لیے درخواست دینے کے لیے:**
www.ddmaryland.org
1-877-468-3464

سوشل سیکورٹی کی انتظامیہ کے تحت ملنے والی 'ملازمت میں معاونت':
www.socialsecurity.gov/work/
1-800-772-1213

'ٹکٹ ٹو ورک کا پروگرام'
www.yourtickettowork.com/

## ***.2شعبہ برائے بحالیء صحت کی خدمات، DORS***

ریاست میری لینڈ کے محکمہء تعلیم کا 'شعبہ برائے بحالیء صحت کی خدمات' میری لینڈ میں پیشوں میں بحالی کا پروگرام پیش کرتا ہے، جس میں کافی نوعیت کی معذوری رکھنے والے افراد کی ملازمت، آزادی اور خود مختاری کو فروغ دیا جاتا ہے۔ یہ شعبہ کافی نوعیت کی معذوری رکھنے والے افراد کو موٴثر پروگرام اور خدمات فراہم کرنے کو اہم ترین شمار کرتا ہے جبکہ وہ سیکنڈری سکول سے ملازمت، سیکنڈری سکول سے آگے کی پڑھائی اور/یا پیشے کی تربیت، کے مرحلے میں داخل ہو رہے ہوں، اور شعبہ، مقامی سکول کے نظام، معذوری رکھنے والے طلباء، کمیونٹی کے پروگراموں، اور خاندان کے افراد کے ساتھ اشتراکی رشتوں کی قدر کرتا ہے۔ DORS کے، ہر مقامی سکول ڈسٹرکٹ کے ساتھ معاہدے ہیں کہ معذوری رکھنے والے طلباء کو خدمات کی فراہمی کے بارے میں واضح طرح سے بتایا جائے اور انکے حصول کو آسان بنایا جائے۔

DORS کے پروگرام اور خدمات مہیا کی جاتی ہیں بذریعہ: 'آفس آف فیلڈ سروسز' 'آفس فار بلائنڈنیس اینڈ ویژن سروسز اور 'دی ورک فورس اینڈ ٹیکنالوجی سینٹر' ۔

- **DORS کا عملہ**: بحالیء صحت کے کاوٴنسلر جو معذوری رکھنے والے طلباء کے ساتھ کام کرنے کے ماہر ہیں، تمام میری لینڈ میں DORS کے دفاتر میں ہوتے ہیں۔ DORS کے 'اگلے مرحلے میں جانے کے' ٹرانزیشن، کاوٴنسلروں کو ہر سیکنڈری سکول کے لیے متعین کیا گیا ہے، اور انہوں نے سکول کے عملے کے ساتھ، جس میں اکثر 'ٹرانزیشن کوارڈینیٹر' اور خصوصی تعلیم کے اساتذہ شامل ہوتے ہیں، کام کرنے کے قریبی رشتے بنا لیے ہیں۔ DORS کا عملہ، ٹرانزیشن کی معلوماتی تقریبات اور سکول میں دیگر مناسب مواقع پر، طلباء اور والدین کو معلومات فراہم کرتا ہے۔ ٹرانزیشن کاوٴنسلر ، کافی نوعیت کی معذوری اور سب سے زیادہ شدید معذوری رکھنے والے طلباء کے ساتھ، انکے آخری سے پہلے سال کے آغاز میں براہ راست کام کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ وہ حسبِ مناسبت، طالبِ علم اور اس کے گھر والوں کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں، تاکہ خدمات کی اہلیت اور ترجیح کا تعین کریں، اور پھر ملازمت کی خدمات کا منصوبہ تشکیل دیں، جس میں سے بعض خدمات طالبِ علم کو دوران سکول مہیا ہو سکتی ہیں اور بعض سکول مکمل کرنے پر۔

- **خدمات کی اہلیت اور ترجیح**: وفاقی قانون کے ساتھ مطابقت رکھتے ہوئے، افراد DORS کے پیشے کی بحالی (VR)، کے پروگرام کے لیے اہل ہیں اگر (1) انہیں کوئی جسمانی یا ذہنی عارضہ ہے، جو خود یا جس کے نتیجے میں، ملازمت کے راستے میں *بہت زیادہ* رکاوٹ پیدا ہوتی ہے، (2) وہ خدمات/سروس سے نوکری لینے کے سلسلے میں فائدہ اٹھا سکتے ہیں، اور (3) انہیں نوکری حاصل کرنے کے لیے پیشے کی بحالی کی خدمات کی ضرورت ہے۔ وسائل محدود ہونے کی وجہ سے، DORS صرف ان افراد کو خدمات مہیا کرتا ہے جو کافی نوعیت اور سب سے زیادہ شدید معذوری رکھتے ہیں۔ اس کی تعاریف میں وہ افراد شامل ہیں جنہیں ایک لمبے عرصے کے لیے، متعدد خدمات کی ضرورت ہوگی اور جن کی معذوری ایک یا ایک سے زیادہ عملی صلاحیتوں کو سنگین حد تک محدود کرتی ہے، جیسے ہلنا جلنا، رابطہ، اپنا خیال رکھنا، خود فیصلہ کرنا، لوگوں سے میل جول کی صلاحیتیں، کام کو برداشت کرنا، اور کام کی مہارتیں۔ ہو سکتا ہے خدمات لینے کے خواہشمند لوگوں کی فہرستِ انتظار بن گئی ہو۔

- **خدمات کے لیے نام پیش ہونا ۔** کافی نوعیت کی اور سب سے زیادہ شدید )معذوری رکھنے والے طلباء (1) جو خصوصی تعلیم میں ہوں، (2) جن کے 504 پلان ہوں، یا (3) صحت کی طرف سے بہت مسائل ہوں، ان کے نام دیے جانے چاہیں، جب تک کہ:

  1) ملازمت کرنا ان کا ارادہ/ہدف ہو
  2) ان کی صلاحیتیں، مندرجہ بالا، ایک یا ایک سے زیادہ عملی شعبوں میں سنگین حد تک محدود ہوں۔ (دیکھیں *خدمات کی اہلیت اور ترجیح)*

*نوٹ*: وہ طلباء جن کو 'سپلیمنٹل سیکیورٹی انکم' (SSI) یا 'سوشل سیکیورٹی ڈس ایبلیٹی انشورنس' (SSDI) ملتی ہے، انکو VR کی خدمات کے لے اہل تصور کیا جاتا ہے اور اس بات کے لیے کہ انہیں کافی نوعیت کی معذوری ہے، اور اگر انکا ملازمت کرنے کا اردہ/ہدف ہے تو انکا نام پیش ہونا چاہیے۔

طلباء کا نام پیش نہیں ہونا چاہیے، اگر:

- وہ DORS سے ملازمت کی خدمات لینے میں دلچسپی نہیں رکھتے
- ان کی معذوری بہت ہلکی نوعیت کی ہے جو عملی صلاحیتوں کو *سنگین* حد تک محدود نہیں کرتی اور جو، سیکنڈری سکول سے آگے کی پڑھائی اور/یا ملازمت بعض معمولی سہولتوں کے ساتھ ، حسبِ مناسبت، حاصل کر سکیں گے۔

- **وقت کا دورانیہ اور نام پیش کرنے کے طریقے**: اکثر اوقات DORS، 'اگلے مرحلے میں جانے والے' کے طلباء کے ساتھ، انکی سیکنڈری سکول کی تعلیم کے آخری سے پہلے سال کے آغاز میں کام کرنا شروع کر دیتا ہے۔ اگر کوئی خاص وجہ ہو کہ کسی مخصوص طالبِ علم کے ساتھ جلدی کام شروع کرنے کی ضرورت ہے تو ایسی استثنائی صورتحال پر غور کیا جا سکتا ہے۔ سکول کا عملہ، متعین کردہ DORS کے کاؤنسلر کے ساتھ مل کر، طلباء کے نام پیش کرنے کا کام منظم کرے گا۔ نام پیش کرنے کے ساتھ سکول جو معلومات مہیا کرتا ہے (جیسے تجزیوں کی معلومات، 'ایگزٹ ڈاکیومنٹ'، 'انفرادی تعلیمی پروگرام' (IEP) یا 504 پلان) وہ اہلیت کا تعین کرنے اور ملازمت کے لیے انفرادی منصوبہ بنانے میں آسانی پیدا کرتی ہیں۔

- **'ملازمت کے لیے انفرادی منصوبہ'، (IPE)**: DORS کے کاؤنسلر، اہلیت رکھنے والے طلباء کے ساتھ مل کر خدمات کا ایک منصوبہ تیار کرتے ہیں، جسے *'ملازمت کے لیے انفرادی منصوبہ'* (IPE) کہتے ہیں۔ اس IPE میں شامل خدمات وہ ہوتی ہیں جو اس ملازمت کے ہدف تک پہنچنے کے لیے ضروری ہوتی ہیں جس کا تعین انفرادی طور پر، طالبِ علم اور اس کے گھر والوں کے ساتھ مل کر کیا گیا ہوتا ہے۔ ملازمت کے ہدف اور اس کے لیے درکار خدمات کا تعین طالبِ علم کی انفرادی صلاحیتوں، وسائل، ترجیحات، دلچسپیوں، ضروریات، اور باعلم انتخاب کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔ IPE میں شامل ہوتا ہے، (1) ملازمت کا ہدف، (2) ملازمت حاصل کرنے کے لیے درکار وقت کا تخمینہ، (3) ضروری خدمات، (4) خدمات کے پیسے کون ادا کرے گا، اور (5) اس بات کا اندازہ کیسے لگایا جائے گا کہ خدمات کامیاب رہیں ہیں. خصوصی تعلیم کے طلباء کا IPE ان کے انفرادی تعلیمی پروگرام سے مطابقت رکھ کر بنایا جاتا ہے۔ خدمات شروع ہونے سے پہلے لازمی ہے کہ DORS اس IPE کو منظور کرے۔

- **'بحالیء صحت کی خدمات'** صارفین کی ضرورت کے حساب سے DORS مختلف طرح کی خدمات فراہم کر سکتا ہے۔ ان میں مندرجہ ذیل خدمات شامل ہو سکتی ہیں: پیشے کا تجزیہ، پیشے سے متعلق فیصلے کرنے، کاؤنسلنگ اور نام پیش کرنا ؛ معاون ٹیکنالوجی؛ سیکنڈری سکول سے آگے کی تعلیم (پیشے کی تربیت، کمیونٹی کالج، کالج/یونیورسٹی)؛ اور ملازمت دلوانے کی خدمات۔ یہ خدمات DORS کے کاؤنسلروں، منظور شدہ کمیونٹی میں خدمات پہنچانے والوں، اور 'ورک فورس اینڈ ٹیکنالوجی سنٹر' میں شمال مشرقی بالٹی مور میں واقع اس شعبے کے بین الشعبہ جات، بحالیء صحت کے مرکز کے ذریعے پہنچائی جاتی ہیں۔

- **خدمات کے لیے رقم کی ادائگی**: DORS صرف ان خدمات کے لیے رقم ادا کرتا ہے جن کی منظوری پہلے سے آ چکی ہو اور جن کی تحریری اجازت DORS کے کسی افسر نے دے دی ہو۔ DORS کی زیادہ تر خدمات کے لیے رقم کی ادائگی ایک تدریجی شرح پر مقرر کی گئی ہے، جس کی بنیاد گھر والوں کی کمائی پر ہے۔ وہ افراد جنہیں SSI ملتی ہے، انہیں خدمات کی قیمت کی ادائگی میں حصہ ڈالنے کی ضرورت نہیں۔ DORS کے صارفین کو بہت سی مخصوص خدمات کی قیمت ادا کرنے کی ضرورت نہیں، جس میں تجزیے، کاؤنسلنگ/راہنمائی/نام پیش ہونا ملازمت دلوانے کی خدمت، معاونت کے ساتھ ملازمت رابطے کے لیے ایسی معاونت اور خدمات جن کی 'پیشے کی بحالی' کی خدمات میں حصہ لینے کے لیے ضرورت ہو، اور ذاتی معاونت کی خدمات شامل ہیں۔

- **سیکنڈری سکول سے آگے کی تعلیم**: ممکن ہے DORS سیکنڈری سکول سے آگے کی تعلیم کے ساتھ منسلک اخراجات ادا کرنے میں صارفین کی مدد کرے اگر یہ تعلیم/تربیت، IPE کے منظور شدہ ملازمت کے حصول کے لیے ضروری ہے۔ DORS، سیکنڈری سکول سے آگے کی تعلیم کے لیے بنیادی مالی امداد فراہم کرنے والا پروگرام نہیں ہے۔ ایسے صارفین کو جنہیں IPE کے منظور شدہ ملازمت کے ہدف تک پہنچنے کے لیے سیکنڈری سکول سے آگے کی تعلیم درکار ہے انہیں چاہیے کہ ہر سال گرانٹس اور سکالرشپ کے لیے درخواستیں دیں. جب سیکنڈری سکول سے آگے کی تعلیم IPE میں شامل ہو، تو ہو سکتا ہے DORS کمیونٹی کالج کی سطح پر پہلے 60 کریڈٹ لینے کے لیے معاونت کرے، سوائے اس کے کہ کسی 4 سالہ اعلی تعلیمی ادارے میں جانے پر معاونت ملنے کی استثنائی اجازت مل گئی ہو۔

مزید معلومات کے لیے براہِ مہربانی DORS کی ویب سائٹ www.dors.state.md.us دیکھیں، یا DORS کے 'اگلے مرحلے میں جانے' کے ماہر (ٹرانزیشن سپیشلسٹ،) سے یہاں رابطہ کریں: 410-554-9109؛ یا (مفت کال کریں) 888-554-0334؛ یا ای میل کریں: .dors@dors.state.md.us

**مزید معلومات کے لیے:**
www.dors.state.md.us
فون: 410-554-9109
مفت کال کریں: 1-888-554-0334
ای میل: dors@dors.state.md.us

## *.3 ذہنی صحت کی انتظامیہ، DHMH،*

'ذہنی صحت کی انتظامیہ' MHA)، کو 'ذہنی صحت کے نظامِ عامہ' PMHS، کے اوپر نگرانی کا اختیار ہے، جس میں خدمت کی فراہمی، پالیسی بنانا، ریاستی سطح پر منصوبہ بندی، وسائل بانٹنا، اور مسلسل معیار بہتر کرنا شامل ہے۔ MHA ایسے افراد کے لیے، کمیونٹی کی ذہنی صحت کی خدمات کے لیے رقم فراہم کرتا ہے جو میڈی کیڈ کے اہل ہیں، اور ان افراد کے لیے بھی جو اپنی ذہنی بیماری کی شدت اور اپنی مالی ضرورت کے باعث، ریاست کی طرف سے رعایتی خدمات کے اہل ہیں۔ ان خدمات کے بیشتر حصے کی فراہمی اور ان کے لیے رقم ایک 'فی فار سروس' کے نظام FFS، کے ذریعے مہیا کی جاتی ہے۔ ممکن ہے کہ ایسی خدمات اور معاونت جس کی رقم FFS کے ذریعے ادا نہیں کی جا سکتی، جیسے اپنے ہم سروں کی معاونت گھر والوں کی تعلیم اور تربیت، اور دوسری خصوصی خدمات اور معانت، وہ ایسے خدمات مہیا کرنے والوں کے ذریعے فراہم ہو سکیں جو مقامی ذہنی صحت کی انتظامیہ یا مندرجہ بالا وضاحت کے مطابق، 'کور سروس ایجنسی' CSA کے کانٹریکٹ میں ہوں۔

پبلک اور پرائیوٹ خدمات کا ایک جامع اور قابلِ رسائی مجموعہ موجود رہے گا۔ یہ خدمات افراد کو با اختیار بننے میں مدد دیں گی تاکہ وہ کمیونٹی کی زندگی میں شمولیت کے اعلی ترین درجے تک پہنچ سکیں۔

'ذہنی صحت کی انتظامیہ کا مشن یہ ہے نفسیاتی امراض رکھنے والے افراد کے لیے عوامی فنڈنگ کے تحت خدمات اور معاونت کا ایک منظم، جامع، قابلِ رسائی، تہذیبی لحاظ سے موثر، اور عمر کے لحاظ سے مناسب نظام بنایا جائے اور متاثرین کے ساتھ مل کر لچک و پائداری، صحت، اور بحالیء صحت کو فروغ دینے کے لیے علاج اور بحالیء صحت کی خدمات فراہم کی جائیں۔

**'کور سروس ایجنسیز' ، CSAs**، مقامی، ذہنی صحت کے بااختیار ادارے ہیں جو مقامی سطح پر منصوبہ بندی، انتظام سمبھالنے، اور ذہنی صحت کی مقامی خدمات کی نگرانی کے ذمہ دار ہیں۔ CSA، 'محکمہ صحت اور ذہنی صحت کے سیکرٹری' کے زیرِ اختیار ہوتی ہیں، اور یہ کاؤنٹی کی حکومت کی ایجنٹ بھی ہوتی ہیں، جو ان کی انتظامیہ کے ڈھانچے کی منظوری دیتی ہے۔ CSA ریاست کی ہر کاؤنٹی میں کام کرتی ہیں، اور ان میں ایک ملٹی کاؤنٹی CSA شامل ہے جو مِڈ شور کے علاقے کی پانچ کاؤنٹیوں کا احاطہ کرتی ہے، اور ایک بائی کاؤنٹی شامل

ہے جس کے پاس لوئر شور کے علاقے کی دو کاؤنٹیاں ہیں۔ CSA، پرائویٹ، غیر کاروباری ادارے بھی ہو سکتے ہیں، یا مقامی حکومت کے عناصر، یا نیم پبلک عناصر ۔

**'ایڈمنسٹریٹِو سروس آرگنائزیشن'، ASO**، MHA کے کانٹریکٹ کے تحت خدمات کی منظوری دیتی ہے اور استعمال کے انتظام معلومات کے انتظام، رقم کی وصولی اور تجزیہ کی خدمات فراہم کرتی ہے۔

### *میری لینڈ کا ذہنی صحت کا نظامِ عامہ، PMHS،*

**اہلیت**

خدمت کی قسم کے اعتبار سے اہلیت کی شرائط مختلف ہو سکتی ہیں۔ ذہنی صحت کے نظامِ عامہ تک رسائی کے لیے اہلیت کی بنیادی شرائط یہ ہیں:

- DSM-IV-TR کی تعاریف کے مطابق، اس فرد کو ذہنی صحت کا عارضہ ہے، اور
- اس فرد کو میڈی کیڈ ملتی ہے؛ یا
- یہ فرد میڈی کیڈ کے لیے 'دہری اہلیت' رکھتا ہے مگر یہ 'فی فار سروس' کے نظام میں ہی ہے؛ یا
- یہ فرد میڈی کیڈ )کے لیے نا اہل ہے مگر ممکن ہے کہ اپنی نفسیاتی اور مالی ضرورت کی وجہ سے ریاست اور/یا مقامی فنڈنگ کے ذریعے ذہنی صحت کی خدمات کا خرچہ (تمام یا کچھ حصہ) رعایتی قیمت پر کروانے کا اہل ہو۔

میڈی کیڈ لینے والے تمام افراد PMHS کی خدمات کے اہل ہیں، جب وہ خدمت کے اس معیار کے لیے طبی ضرورت کی شرط پر پورا اتریں۔

میڈی کیڈ کے لیے نااہل افراد تمام خدمات کے لیے اہل ہیں (سوائے ہسپتال میں ٹھہرنے، ایمرجنسی روم کی خدمت، اور جزوی طور پر ہسپتال میں رہنےکے)، اگر فنڈنگ کی رقم مہیا ہے اور، اس فرد کو نفسیاتی مریض کے طور پر تشخیص کیا گیا ہے اور اس وہ ذہنی صحت کی ضرورت رکھتا ہے، میری لینڈ کا رہائشی ہے، اور اس نے موجود سہولیات کے لیے درخواست دی ہوئی ہے، اور خدمت کے اس معیار کے لیے طبی ضرورت کی شرط پر پورا اترتا ہے، اور یہ فرد مندرجہ ذیل میں سے اہلیت کی کسی ایک مخصوص شرط پر پورا اترتا ہے، جیسے:

- صارف، مالی طور پر ضرورت مند ہے، اور CSA نے خدمت کی فوری ضرورت کے باعث اہلیت کا دائرہ منظور کر لیا ہے؛ یا
- صارف نے گزشتہ دو سال کے اندر، PMHS سے خدمات حاصل کی ہوئی ہیں؛ یا
- صارف کو حال میں ذہنی صحت کی وجہ سے SSDI مل رہا ہے؛ یا
- صارف، ریاست میری لینڈ میں بے گھر ہے؛ یا
- صارف پچھلے 3 ماہ کے عرصہ میں حوالات جیل، یا کسی اصلاحی ادارے سے رہا ہوا تھا؛ یا
- صارف پچھلے 3 ماہ کے عرصہ میں میری لینڈ کے کسی ذہنی امراض کے ہسپتال سے فارغ ہوا تھا؛ یا

- صارف کو مشروط رہائی کے کسی حکم کے تحت یہ خدمات مل رہی ہیں۔

ہو سکتا ہے کہ ایسے افراد کے لیے جو میڈی کیڈ کے اہل نہ ہوں، ذہنی صحت کی خدمات حاصل کرنے کے لیے کسی چھوٹی سی فیس یا 'کو- پے' کی ضرورت ہو۔

'ذہنی صحت کے نظام عامہ'، PMHS، کے سہولیات کے مجموعے میں مندرجہ ذیل خدمات شامل ہیں۔ تمام خدمات اہلیت اور طبی ضرورت کی شرط کی بنیاد پر فراہم کی جاتی ہیں، جو اس معیار کی خدمت کے لیے مقرر ہے۔

- **'ہسپتال میں رہتے ہوئے، نفسیاتی دیکھ بھال'**: 'ہسپتال میں رہتے ہوئے نفسیاتی دیکھ بھال' ہسپتال سے متعلقہ خدمت ہے جس کے ذریعے ایسے صارف کو بھرپور نفسیاتی علاج مہیا کیا جاتا ہے جو شدید نفسیاتی علامات یا طرزِ عمل کے باعث خود اپنے لیے یا دوسروں کے لیے خطرے کا باعث بن سکتا ہے۔ ہسپتال میں رہ کر ملنے والی اس خدمت میں شامل ہو سکتا ہے، نفسیاتی اور طبی جائزہ، دوائیں دینا اور اور انکا انتظام سمبھالنا، انفرادی اور گھر والوں کے ساتھ کاؤنسلنگ، گروپ تھیراپی ، طب اور نرسوں کے ذریعے نگرانی اور انسدادی کاروائیاں، نفسیاتی تعلیم، اور بعد میں دی جانے والی دیکھ بھال کی خدمات۔ خدمت کا یہ معیار، بچوں، کم سن افراد اور بڑوں کے لیے مفید ہے۔

- **'ہسپتال میں نا مکمل طور رہتے ہوئے نفسیاتی علاج**

- ہسپتال میں نا رہتے ہوئے علاج در حقیقت ہسپتال سے باھر رہ کر مختصر میادی اور شدید نفسیاتی علاج کے خدمات جو کے ہسپتال کے اندر مہیا کیے گے طبی نارسنگ دیکھ بھال اور بوقت مداخلت کے خدمات کا شدت میں مقابلا کر سکتی ھے خدمت کا یہ معیار، میڈیکیڈ کے اھل بچوں، کم سن افراد اور بڑوں کے لیے مفید ہے۔

- **رہائشی علاج** رہائشی علاج میں تشخیصی اور معالجعہ سے متعلق، مختلف قسم کی ذہنی صحت کی خدمات شامل ہیں، جس میں شامل ہے، 24 گھنٹہ ذہنی صحت کی خدمات کی فراہمی اور/یا سنگین مسائل سے نمٹنے کی خدمات جو ایک 'رَیپ اراوُنڈ'طریقہ استعمال کر کے، بچے یا کم سن فرد اور گھر والوں کو فراہم کی جاتی ہے، جس میں شدید درجے کی دیکھ بھال منظم کی جاتی ہے۔ متعلقہ نوجوان کی رہائش گھر والوں کے ساتھ ہو سکتی ہے، 'فوسٹر کیئر' والے گھر پر علاج کے لیے مقرر 'فوسٹر کیئر' کے گھر پر، علاج والے گروپ ہوم میں، یا کسی بند رہائشی جگہ پر

- 'ریسپائٹ' ریسپائٹ کی خدمات مختصر عرصے کے لیے، صارف کے گھر میں یا کسی منظور شدہ کمیونٹی سے متعلقہ جگہ، فراہم کی جاتی ہیں، تاکہ صارف کے خیال رکھنے والوں کو وقتی آرام دے کر، صارف کے اپنے گھر میں رہنے کی معاونت کی جائے۔ خدمت کا یہ معیار، بچوں، کم سن افراد اور بڑوں کے لیے مفید ہے۔

- **'ہسپتال سے باہر رہ کر ذہنی صحت کا معالجہ کرنے کے مراکز' یا 'ذہنی صحت کے انفرادی معالج'**ہسپتال سے باہر رہ کر ذہنی علاج کرانے کی خدمات میں یہ خدمات شامل ہو سکتی ہیں، نفسیاتی یا طبی تجزیہ اور تشخیص، انفرادی تھیراپی، گروپ تھیراپی، گھر والوں کے ساتھ تھیراپی، گھر والوں کی نفسیاتی تعلیم، یا دواؤں کا انتظام سمبھالنا۔ یہ خدمت منظور شدہ 'آوٗٹ پیشنٹ منٹل ہیلتھ سنٹرز' (OMHCs) کے ذریعے فراہم کی جاتی ہے، جنہیں متعلقہ پریکٹس بورڈ نے منظور کیا ہوا ہے اور/یا لائسنس دیا ہوا ہے۔ خدمت کا یہ معیار، بچوں، کم سن افراد اور بڑوں کے لیے مفید ہے۔

- **'نفسیاتی بحالیء صحت کا پروگرام' PRP**: PRP کی خدمات ایسے صارفین کے لیے ہیں جنہیں شدید اور مسلسل ذہنی عارضہ (SPMI) ہے، تاکہ انکی بحالیء صحت میں مدد کی جائے اور خود مختارانہ طرز پر رہنے کی اور معاشرتی صلاحیتیں قائم کی جائیں یا بحال کی جائیں، جس میں مندرجہ ذیل کے بارے میں فیصلے کرنا شامل ہے: اپنا خیال رکھنا، بیماری کو سمبھالنا، زندگی، اور کمیونٹی میں شمولیت؛ اور صارف کو

کمیونٹی میں شامل کرنے کے لیے وسائل کے استعمال کو فروغ دینا۔ یہ خدمات ادارے کے اندر بھی دی جا سکتی ہیں، یا کسی ایسی جگہ جو صارف کی کمیونٹی کی زندگی میں شمولیت کو فروغ دینے کے لیے زیادہ بہتر ہو۔ خدمت کا یہ معیار، بچوں، کم سن افراد اور بڑوں کے لیے مفید ہے۔

- رہائشی بحالیء صحت کا پروگرام، **(RRP**؛:RRP کی خدمات ایسے صارفین کے لیے بنی ہیں جنہیں شدید اور مسلسل رہنے والا ذہنی عارضہ (SPMI) ہے، جنہیں ایک منظم کردہ رہائشی ماحول شدید بحالیء صحت اور معاونت کی ضرورت ہے۔ خدمت کا یہ معیار، ٹرانزیشن کی عمر کے نوجوانوں (TAY) اور بڑوں کے لیے مفید ہے۔

- **'اَسرٹِو کمیونٹی ٹریٹمنٹ' / 'موبائل ٹریٹمنٹ':** 'اسرٹِو ٹریٹمنٹ/موبائل ٹریٹمنٹ' ایک بھرپور نوعیت کی، کمیونٹی سے متعلقہ خدمت ہے جو ایسے افراد کو جو شدید اور مسلسل رہنے والے ذہنی عارضے (SPMI) میں مبتلا ہیں اور جو ممکن ہے بے گھر ہوں اور جن کے لیے شاید ہسپتال سے باہر رہ کر کرانے والا معالجہ بے اثر رہا ہو، انہیں، 'اَسَرٹِو آوٹ ریچ' ، علاج، بحالیء صحت، اور معاونت فراہم کرتا ہے۔ یہ خدمات، صارف کے قدرتی ماحول میں موجود ایک موبائل، ملٹی شعبہ جات ٹیم فراہم کرتی ہے۔ خدمت کا یہ معیار، بچوں، کم سن افراد اور بڑوں کے لیے مفید ہے۔

- **'کیس کا انتظام سمبھالنا':** کیس مینجمنٹ کی خدمات گھر یا کمیونٹی میں فراہم کی جاتی ہیں تاکہ صارفین کی مدد کی جا سکے کہ وہ ذہنی صحت کی تمام خدمات، اور ان کے علاوہ کوئی بھی اور ضروری، طبی، معاشرتی،مالی معاونت، یا سہولیات کاؤنسلنگ، تعلیم اور دیگر معاونت کی خدمات حاصل کر سکیں۔ خدمت کا یہ معیار، بچوں، کم سن افراد اور بڑوں کے لیے مفید ہے۔

- **معاونت کے ساتھ رہنا (سپورٹڈ لِونگ**، معاونت کے ساتھ رہنے کی خدمات، ایسے صارفین کے لیے، ادارے سے باہر، بحالیء صحت اور معاونت کی خدمات مہیا کرتی ہیں جو شدید اور مسلسل ذہنی عارضے (SPMI) میں مبتلا ہوں اور جو، لچک دار اورانفرادی معاونت کے ساتھ، اپنی مرضی کی خود مختارانہ طرز رہائش پر رہ سکتے ہوں۔ خدمت کا یہ معیار TAY اور بڑوں کے لیے مفید ہے۔

- 'معاونت **کے ساتھ ملازمت'** 'سَپورٹِڈ امپلائمنٹ سروسز' (SE)، ایسے صارفین کے لیے ملازمت کی تربیت و ترقی اور ملازمت ڈھونڈنے کی خدمت، ملازمت کی کوچنگ، اور جاری رہنے والی معاونت فراہم کرتی ہیں جو شدید ذہنی عارضہ (SMI) رکھتے ہیں، یا کوئی اور مزاج کا عارضہ اور جن کو یا تو ابھی تک کوئی اچھی نوکری نہیں مل سکی، یا اس میں روک آئی ہے، یا کم وقفوں کے لیے رہی ہے۔ یہ انفرادی خدمات اس لیے فراہم کی جاتی ہیں تاکہ اہلیت رکھنے والے صارفین اپنی دلچسپیوں، ترجیحات، اور مہارتوں سے مطابقت رکھتی ہوئی اور کمیونٹی میں شرکت رکھنے والے ماحول میں واقع، کوئی آزادانہ اور اچھی نوکری، چن سکیں، حاصل کر سکیں، قائم رکھ سکیں، یا آگے بڑھا سکیں۔ خدمت کا یہ معیار TAY اور بڑوں کے لیے مفید ہے۔

- **'رہائشی کرائسِس'** - 'رہائشی کرائسس' کی خدمات مختصر مدت کی، بھر پور نوعیت کی ذہنی صحت اور معاونت کی خدمات ہیں جو کمیونٹی سے متعلقہ، ہسپتال سے باہر رہتے ہوئے، رہائشی جگہ پر فراہم کی جاتی ہیں اور اس لیے بنائی گئی ہیں تاکہ نفسیاتی مریض کے ہسپتال میں داخلے کو روکا جائے، تاکہ نفسیاتی مریض کے ہسپتال میں داخلے کا متبادل پیش کیا جائے، یا ہسپتال میں رہنے کی مدت کو کم کیا جائے۔ خدمت کا یہ معیار، بچوں، کم سن افراد اور بڑوں کے لیے مفید ہے۔

- **'ذہنی صحت سے متعلقہ لیبارٹری کی خدمات' -** اس میں شامل ہیں طبی ضرورت کے ٹیسٹ اور طریقہء کار جو ایسی منظور شدہ لیبارٹریوں سے کرائے جائیں جن کے پاس، میڈی کیڈ کے لیے اہل صارفین کو نفسیاتی علاج کرنے والے PMHS کے ماہر نفسیات کا دیا ہوا، علاج سے متعلقہ، 'ویلِڈ میڈی کیڈ پرووائڈر نمبر' موجود ہو۔ خدمت کا یہ معیار، بچوں، کم سن افراد اور بڑوں کے لیے مفید ہے۔

**خدمات تک رسائی**

PMHS کی تمام خدمات کی بنیاد خدمت کے لیے اہلیت اور اس سے مطابقت رکھنے والی طبی ضرورت کی شرط پر ہے۔ ذہنی صحت کے علاج کی خدمات کے لیے ایک مفت کال والا نمبر، افراد کے لیے دن کے ساتوں دن اور روزانہ 24 گھنٹے کھلا رہتا ہے۔

**'ایڈمنسٹریٹِو سروسز آرگنائزیشن' ((ASO)** کو فون کریں:
1-800-888-1965

ذہنی صحت کی باقی تمام خدمات کے لیے، جس میں شامل ہے مگر اس تک محدود نہیں 'سَپورٹڈ امپلائمنٹ سروسز'، یا اپنے مقامی علاقے میں ذہنی صحت کے وسائل تک رسائی کے لیے اپنے مقامی علاقے کی **'کور سروس ایجنسی'** کو فون کریں۔

**Allegany County Core Service Agency (ایلیگنی کاؤنٹی کور سروس ایجنسی)**
Allegany Co. Mental Health System's Office (ایلیگنی کاؤنٹی، ذہنی صحت کے نظام کا دفتر)
P.O. Box 1745
Cumberland, Maryland 21501-1745
فون: 301-759-5070
فیکس: 301-777-5621
ای میل: mhso@hereintown.net

**Anne Arundel County Core Service Agency (این ارَنڈیل کاؤنٹی کور سروس ایجنسی)**
Anne Arundel County Mental Health Agency (این ارَنڈیل کاؤنٹی، ذہنی صحت کے نظام کا دفتر)
Box 6675, MS 3230
1 Truman Parkway, Suite 101
Annapolis, Maryland 21401
فون: 410-222-7858
فیکس: 410-222-7881
ای میل: mhaaac@aol.com

**Baltimore City Core Service Agency (بالٹی مور سٹی کور سروس ایجنسی)**
Baltimore Mental Health Systems, Inc. (بالٹی مور ذہنی صحت کا نظام، انکارپوریٹڈ)
201 East Baltimore Street, Suite 1340
Baltimore, Maryland 21202
فون: 410-837-2647
فیکس: 410-837-2672

**Baltimore County Core Service Agency (بالٹی مور کاؤنٹی کور سروس ایجنسی)**
Bureau of Mental Health of Baltimore County Health Department (بالٹی مور کاؤنٹی کے شعبہ ذہنی صحت کا بیورو آف مینٹل ہیلتھ)
6401 York Road, Third Floor
Baltimore, Maryland 21212
فون: 410-887-3828
فیکس: 410-887-4859

**Calvert County Core Service Agency (کیلوَرٹ کاؤنٹی کور سروس ایجنسی)**
P.O. Box 980
Prince Frederick, Maryland 20678
فون: 410-535-5400
فیکس: 410-535-5285

**Carroll County Core Service Agency (کیرول کاؤنٹی کور سروس ایجنسی)**
290 South Center Street, P.O. Box 460
Westminster, Maryland 21158-0460
فون: 410-876-4440
فیکس: 410-876-4929

**Cecil County Core Service Agency (سیسیل کاؤنٹی کور سروس ایجنسی)**
401 Bow Street
Elkton, Maryland 21921
فون: 410-996-5112
فیکس:410-996-5134

**Charles County Core Service Agency (چارلز کاؤنٹی کور سروس ایجنسی)**
Charles County Human Services Partnership (چارلز کاؤنٹی ہیومن سروس پارٹنرشپ)
P.O. Box 2150,
6 Garrett Avenue
LaPlata, Maryland 20646
فون: 301-396-5239
فیکس: 301-396-5248

**Frederick County Core Service Agency (فریڈرک کاؤنٹی کور سروس ایجنسی)**
Mental Health Mgmt Agcy of Frederick County (فریڈرک کاؤنٹی، ذہنی صحت کی مینجمنٹ ایجنسی)
22 South Market Street, Suite 8
Frederick, Maryland 21701
فون: 301-682-6017
فیکس:301-682-6019

**Garrett County Core Service Agency (گیریٹ کاؤنٹی کور سروس ایجنسی)**
1025 Memorial Drive
Oakland, Maryland 21550-1943
فون: 301-334-7440
فیکس:301-334-7441
ای میل: gccsa@dhmh.state.md.us

**Harford County Core Service Agency (ہارفرڈ کاؤنٹی کور سروس ایجنسی)**
Office on Mental Health (دفتر برائے ذہنی صحت)
206 South Hays Street, Suite 201
Bel Air, Maryland 21014
فون: 410-803-8726
فیکس: 410-803-8732

**Howard County Core Service Agency (ہاوٗورڈ کاوٗنٹی کور سروس ایجنسی)**
Howard County Mental Health Authority (ہاوٗورڈ کاوٗنٹی کا ذہنی صحت کا ماہر ادارہ)
9151 Rumsey Road, Suite 150
Columbia, Maryland 21045
فون: 410-313-7350
فیکس: 410-313-7374
ای میل: hcmha@hcmha.org

**Mid-Shore Core Service Agency (مِڈ شور کور سروس ایجنسی)**
(Includes Caroline, Dorchester, Kent, (بشمول، کیرولائن، ڈورچیسٹر، کینٹ
Queen Anne and Talbot Counties) (کوین این اور ٹالبٹ کاوٗنٹیاں)
Mid-Shore Mental Health Systems, Inc. (مڈ شور منٹل ہیلتھ سسٹمس، انکارپوریٹڈ)
8221 Teal Drive, Suite 203
Easton, Maryland 21601
فون: 410-770-4801
فیکس: 410-770-4809

**Montgomery County Core Service Agency** (منٹگمری کاوٗنٹی کور سروس ایجنسی)
Department of Health & Human Services, Montgomery County Government
(شعبہ برائے صحت و بشری خدمات، حکومت منٹگمری کاوٗنٹی)
401 Hungerford Drive, 5th Floor
Rockville, Maryland 20850
فون: 240-777-1400
فیکس:301-279-1692

**Prince George's County Core Service Agency (پرنس جورجز کاوٗنٹی کور سروس ایجنسی)**
Prince George's Co. Dept. of Family Services (پرنس جورجز کاوٗنٹی، شعبہ برائے فیملی سروسز)
Mental Health Authority Division (مینٹل ہیلتھ اتھارٹی ڈیویژن)
5012 Rhode Island Avenue, Room 114
Hyattsville, Maryland 20781
فون: 301-985-3890
فیکس: 301-985-3889

**St. Mary's County Core Service Agency (سینٹ میری کاوٗنٹی کور سروسز ایجنسی)**
St. Mary's County Dept. of Human Services (سینٹ میری کاوٗنٹی، شعبہ ہیومن سروسز)
23115 Leonard Hall Drive, PO Box 653
Leonardtown, Maryland 20650
فون: 301-475-4200, Ext. 1680
فیکس:301-475-4000

**Wicomico Somerset County Regional Core Service Agency (وکومِکو سمَرسیٹ کاؤنٹی ریجنل کور سروس ایجنسی)**
108 East Main Street
Salisbury, Maryland 21801
فون: 410-543-6981
فیکس: 410-219-2876

**Washington County Core Service Agency (واشنگٹن کاؤنٹی کور سروس ایجنسی)**
Washington County Mental Health Authority (واشنگٹن کاؤنٹی مینٹل ہیلتھ اتھارٹی)
339 E. Antietam Street, Suite #5
Hagerstown, Maryland 21740
فون: 301-739-2490
فیکس: 301-739-2250

**Worcester County Core Service Agency (وارچیسٹر کاؤنٹی کور سروس ایجنسی)**
P.O. Box 249
Snow Hill, Maryland 21863
فون: 410-632-1100
فیکس: 410-632-0065
ای میل: worcsa@dmv.com

## 4. ***'شعبہ برائے تربیت و ترقیء کارکنان اور تعلیمِ بالغاں'***

دفتر برائے 'ورک فورس ڈیویلپمنٹ، شعبہ یوتھ سروسز' اس بات پر کاربند ہے کہ ایسے پروگرام اور خدمات مہیا کی جائیں جو 14 تا 21 سال کے کم سنوں اور نوجوانوں کی انکے تعلیم اور ملازمت کے ہدف پورا کرنے میں مدد کریں۔ کم سن افراد اور نوجوان ایسی سرگرمیوں میں مشغول ہوں جن کا مرکز تعلیمی کارکردگی، ملازمت کے قابل مہارتیں اور زندگی کے لیے ضروری مہارتیں ہوں۔ دفتر برائے 'ورک فورس ڈیویلپمنٹ' کمیونٹی میں ایسے کئی پروگراموں کی معاونت کرتا ہے جو تمام نوجوانوں، بشمول معذوری رکھنے والے نوجوانوں، کو نوکری اور تربیت کی خدمات فراہم کرتے ہیں۔ 'ورک فورس ڈیویلپمنٹ سنٹر' نوجوانوں کے لیے نوکری ڈھونڈنے، پیشہ منتخب کرنے یا بدلنے، یا نئی مہارتیں سیکھنے، کے لیے فراہم ہیں۔ پیشوں کے بارے میں مشورے تربیت، کمپیوٹر کی رسائی، اور دیگر معاونت کی خدمات، مقامی 'ورک فورس انویسٹمنٹ بورڈز' اور انکے 'وَن سٹاپ سنٹرز' کے ذریعے مہیا ہیں۔ خدمات کے لیے رجسٹر کرنے کے لیے نوجوانوں کو چاہیے کہ وہ مقامی 'ورک فورس ڈیویلپمنٹ سنٹر' جائیں۔

***'سیکنڈری سکول کے بعد کی تعلیم میں معذوری کے لیے معاون خدمات'***

ہائی سکول کے بعد سیکنڈری سکول سے آگے کی تعلیم میں جانا ایک مشکل عمل ہو سکتا ہے۔ کیا یہ ہائی سکول کی طرح ہی ہوگا؟ میں کہاں سے آغاز کروں؟ میں معاونت کے لیے کہاں جاؤں؟ کیا یہاں بھی معاونت ہائی سکول کی طرح کی ہوگی؟ کیا میرے والدین معاونت کی منصوبہ بندی کے عمل میں شامل ہوں گے؟ اس قسم کے سوال اکثر ان معذوری رکھنے والے کم سن نوجوانوں کے ذہن میں آتے ہیں جو کالج جانے کی تیاری کر رہے ہوتے ہیں۔ نیچے دی گئی معلومات ایسے بعض سوالات کا جواب دیں گی۔ اس کے علاوہ امریکی محکمہء تعلیم کی جانب سے ایک منصوبہ بندی کے لیے گائڈ بھی شائع ہوتا ہے۔ یہ انٹر نیٹ پر یہاں مہیا ہے: www.ed.gov۔

**ہائی سکول اور کالج میں فرق**

- **کیا اب بھی میرے پاس 'انفرادی تعلیم کا منصوبہ'، IEP، ہوگا؟**

نہیں۔ 2004 کے 'معذوری رکھنے والے افراد کے ایکٹ'، IDEA، کے مطابق یہ ضروری ہے کہ معذوری رکھنے والے افراد کا IEP ہو۔ مگر، IDEA کا اطلاق، کالجوں، پیشوں سے متعلق سکولوں، یا یونیورسٹیوں پر نہیں ہوتا۔ یہ سکول بعض دوسرے قوانین کے تحت کام کرتے ہیں جن میں 'معذوری رکھنے والے امریکیوں کا ایکٹ'، ADA، ، اور 'بحالیء پیشے کے ایکٹ' کا سیکشن 504 شامل ہے. کالج، پیشوں سے متعلق سکولوں، اور یونیورسٹوں کی ذمہ داریاں ہائی سکول کی ذمہ داریوں سے بہت مختلف ہیں۔ اس میں سب سے اہم فرق یہ ہے کہ سیکنڈری سکول سے آگے کے ادارے صرف نوجوان کے ساتھ کام کریں گے اور والدین کے ساتھ نہیں۔ نوجوان کو بطور کالج کا طالبِ علم، نسبتاً کافی زیادہ ذمہ داری اٹھانا ہوگی۔ یہ قوانین اس بات کی ذمہ داری نوجوان پر ڈالتے ہیں کہ وہ خدمات کے لیے درخواست دے اور معذوری کے حسبِ ضرورت دستاویزات مہیا کرے۔ نوجوان کو اس عمل میں فعال طور پر شامل ہونا ہوگا۔

- **کیا مجھے وہی سہولتیں مہیا ہوں گی جو ہائی سکول میں تھیں؟**

یہ ضروری نہیں ہے۔ IEP کا اطلاق سیکنڈری سکول سے آگے کے سکول پر نہیں ہوتا۔ سیکنڈری سکول سے آگے کا ادارہ، دستاویزات دیکھ کر اور معلومات جمع ہونے کے بعد، خود اس بات کا تعین کرے گا کہ کس قسم کی سہولتیں طالبِ علم کو ملیں گی۔

**کالج میں خدمتیں حاصل کرنا**

- **میں خدمتیں/سروس لینے کے لیے کہاں جاؤں؟**

سیکنڈری سکول سے آگے کے ہر ادارے میں ایسے افراد موجود ہیں جو معذوری رکھنے والے طلباء کی معاونت کرتے ہیں۔ یہ افراد 'ڈس ابیلٹی سَپورٹ سروسز آفس'، DSS، میں ہوتے ہیں۔ تعلیمی سہولتیں اور/یا دیگر خدمات لینے کے لیے ضروری ہے کہ نوجوان، DDS کے دفتر کو، پہلے **خود اپنی شناخت کرائے**۔ یہ اس نوجوان کی **ذمہ داری** ہے کہ وہ سیکنڈری سکول سے آگے کے سکول والوں سے اس معاونت کے بارے میں بات کرے جس کی اسے ضرورت ہے۔

- **مجھے خدمات کی درخواست کب کرنی چاہیے؟**

اگرچہ نوجوان کسی بھی وقت سیکنڈری سکول سے آگے کے سکول میں سہولتوں کے لیے درخواست دے سکتے ہیں، مگر مشورہ یہی دیا جاتا ہے کہ DDS کے دفتر سے جلد سے جلد ملاقات کا وقت لیا جائے، اور کوشش کی جائے کہ زیادہ سے زیادہ، سمسٹر شروع ہونے سے **ایک ماہ قبل** تک یہ کام کر لیا جائے۔ سہولتوں اور خدمات کا انتظام کرنے میں وقت لگتا ہے۔ بعض تعلیمی سہولتیں مہیا کرنے میں دوسروں کی نسبت زیادہ وقت لگتا ہے۔ تعلیمی سہولتوں کا اطلاق کبھی بھی ان نمبروں/گریڈز پر نہیں کیا جائے گا جو مل چکے ہیں۔ نوجوانوں کو کبھی بھی اس وقت تک انتظار نہیں کرنا چاہیے جب تعلیمی مشکلات شروع ہو چکی ہوں۔

- **مجھے کونسے دستاویزات مہیا کرنے کی ضرورت ہے؟**

سکول، دستاویزات کے لیے مناسب معیار مقرر کرتے ہیں۔ بعض سکول دوسروں کی نسبت زیادہ دستاویزات مانگتے ہیں مگر تمام سکول نوجوان سے ایسے دستاویزات مانگیں گے جو متعلقہ اور اہل ماہرین کے تیار کردہ ہوں۔ یہ نوجوان کی **ذمہ داری** ہوگی کہ ان دستاویزات کو بنوانے کی **جو بھی فیس ہو وہ ادا کرے**۔ دستاویزات کے اہم عناصر یہ ہیں:

- ایک تشخیصی بیان جس میں معذوری کی نشاندہی کی گئی ہو۔
- اس طریقہء کار کی وضاحت جسے تشخیص کے لیے استعمال کیا گیا۔

- معذوری سے پیدا ہونے والی ان موجودہ عملی رکاوٹوں کی وضاحت جن کا تعلق تعلیمی اور رہائشی ماحول سے ہے۔
- وقت کے ساتھ معذوری کے بگڑنے یا یکساں رہنے کی وضاحت۔
- موجودہ اور ماضی میں ملنے والی سہولتوں خدمات اور/یا دواؤں کی وضاحت۔
- سہولتوں معاون آلات ، تلافی کے طریقہء کار اور/یا ہم پہلو معاون خدمات کے لیے تجاویز۔

اگرچہ IEP ایسی خدمات کی نشاندہی کرنے میں مددگار ثابت ہو سکتا ہے جو موئثر ثابت ہو چکی ہیں، مگر سیکنڈری سکول کے آگے کے سکولوں میں عموماً اسے کافی **نہیں** سمجھا جاتا۔

**سیکنڈری سکول سے آگے کے سکول میں سہولتیں حاصل کرنا**

- **کیا سہولتیں مہیا کی جاتی ہیں؟**

سہولتیں تعلیمی شرائط میں وہ تبدیلیاں ہوتی ہیں جو معذوری رکھنے والے اہل نوجوانوں کو برابر کی رسائی دینے کے لیے ضروری ہوتی ہیں۔ بعض مناسب سہولتوں میں مندرجہ ذیل شامل ہو سکتی ہیں:

- ٹیسٹ دینے کے لیے زائد وقت
- متبادل شکل میں کتابوں کی فراہمی
- اشاروں کی زبان والے ترجمان
- سکرین پڑھنے کے آلات
- آواز پہچاننے والے آلات
- دیگر معاون ٹیکنالوجی

DSS کا دفتر مناسب سہولتیں قائم کرنے کے لیے نوجوان کے ساتھ مل کر کام کرے گا۔ ایسی سہولت **مہیا نہیں کی جا سکتی** جو کورس میں کسی بنیادی تبدیلی کا باعث بنے۔ اس بات کی اجازت نہیں کہ کورس کے لیے مطلوبہ کام میں سے کچھ چھوڑ دیا جائے۔ معذوری رکھنے والے طلباء کے لیے **لازمی** ہے کہ گریجویٹ کرنے کے لیے اپنے تعلیمی پروگرام کی شرائط پوری کریں۔

**مزید معلومات کے لیے:**

معذوری رکھنے والے ایسے افراد کے لیے لنک جو ملازمت کی تلاش میں ہوں:
www.dllr.state.md.us/employment/disabilities.shtml

مقامی 'وَن سٹاپ سنٹرز' کی فہرست:
www.dllr.state.md.us/county/

# 'اگلے مرحلے میں جانے کی منصوبہ بندی میں والدین کا کردار

**خاندان، ٹرانزیشن کے بارے میں بات چیت کرنے کی تیاری کے لیے کیا کر سکتے ہیں؟**

گھر والے، ٹرانزیشن اور ان خدمات کے بارے میں بات چیت کرنے کے لیے جن کی انکے بچوں کو ضرورت ہوگی، مندرجہ ذیل باتیں کر سکتے ہیں:

- موجودہ سرگرمیوں اور سیکنڈری سکول کے بعد کی سرگرمیوں سے متعلق اپنے بچے کے دلچسپیوں اور ترجیحات پر بات چیت کر سکتے ہیں۔ ٹرانزیشن پلاننگ کی تمام تر بنیاد طالبِ علم کی دلچسپیوں اور ترجیحات پر ہے۔
- اپنے بچے کے سکول کے ساتھ مل کر اس بات پر کام کریں کہ آپ کا بچہ اپنی وکالت خود کرنے کی مہارت کو بہتر کرے۔
- اپنے آپ کو اس راہنما کتابچے میں موجود اداروں سے مانوس کریں۔
- بچے کے مستقبل کے خوابوں کی حوصلہ افزائی کریں۔
- اپنے بچے کی اس بات میں مدد کر کے کہ وہ جو کچھ سکول کے بعد کرنا چاہتا ہے اس کے بارے میں اپنے خیالات منظم کرلے، اسے IEP کی ٹرانزیشن ٹیم کی ملاقات کے لیے تیار کریں۔
- ٹرانزیشن کی معلومات سے متعلق ایک فائل گھر میں بنا کر رکھیں۔ گھر کی فائل کے کاغذات میں مندرجہ ذیل چیزیں شامل ہو سکتی ہیں، مگر انہیں تک محدود نہیں:
  - ☐ بچے کے حالیہ IEP؛
  - ☐ بالغوں کی خدمت کی ایجنسی کی رابطے کی معلومات؛
  - ☐ بچے کا 'ایگزٹ ڈاکیومنٹ' (جو گریجویٹ کرنے کے وقت ملے گا)؛
  - ☐ بچے کی 'سپلیمنٹل سیکیورٹی انکم' (SSI) اور میڈی کیڈ کی معلومات (حسبِ اطلاق)؛
  - ☐ بچے کے تمام امتحانوں اور تجزیوں/جائزوں کے نتائج کی کاپیاں؛
  - ☐ اداروں میں درخواستیں دینے سے متعلق تاریخیں؛ اور
  - ☐ اداروں کے ساتھ کی ہوئی خط و کتابت۔

# ٹرانزیشن پلاننگ میں طالبِ علم کا کردار

ٹرانزیشن پلاننگ، معذوری رکھنے والے طلباء کی معاونت کرتی ہے کہ وہ اپنے لیے سیکنڈری سکول سے آگے کے وقت کے لیے ہدف قائم کریں اور علم پر مبنی ایسے پروگرام بنائیں جس سے وہ ان اہداف کو حاصل کر سکیں۔ ٹرانزیشن پلاننگ طالبِ علم کے لیے کی جاتی ہے اور طالبِ علم کی مدد اور رائے کے بغیر یہ کامیاب نہیں ہو سکتی۔ اس عمل کے لیے تیار ہونے کے لیے طلباء کو:

- اپنے والدین سے اپنی دلچسپیوں پر بات چیت کرنی چاہیے۔ (جو چیزیں کرنا انہیں ابھی پسند ہے، ضروری نہیں کہ صرف یہ سوچیں کہ مستقبل میں وہ کیا کرنا چاہتے ہیں)؛
- ملازمت کے مختلف ذرائع کے بارے میں جانیں؛
- IEP ٹیم کی ملاقات کے لیے اپنے نظریے کی خود وکالت کرنے کی مشق کریں (اپنے والدین یا استاد کے ساتھ مشق کریں)؛ اور
- IEP ٹیم کی ملاقات میں سوال پوچھیں (مثلاً، آپ کا اس سے کیا مطلب ہے کہ میرے میں 'لرننگ ڈس ابیلیٹی' ہے؟ کیا مجھے اپنے ملازمت دینے والے کو بتانا ہوگا کہ مجھے پڑھنے میں مشکل ہوتی ہے؟)

# ٹرانزیشن کا عمل: ادارے کے ساتھ تعلق

ہو سکتا ہے آپ کے بیٹے یا بیٹی کو سیکنڈری سکول کے بعد، ملازمت کے لیے، سیکنڈری سکول کے بعد کی تعلیم کے لیے، تربیت کے لیے، اور خود مختارانہ طرزِ رہائش (حسبِ مناسبت) کے مقرر کردہ ہدف پورے کرنے کے لیے بالغوں کے لیے مہیا خدمات حاصل کرنی پڑیں۔ اس لیے ضروری ہے کہ سکول چھوڑنے سے پہلے آپ درست تعلقات قائم کر لیں تاکہ خدمت حاصل کرنے میں وقفہ نہ آئے۔ آپ کی اجازت سے، سکول کا کوئی نمائندہ آپ کے بچے کی کسی مناسب خدمات مہیا کرنے والے سے تعلق قائم کرنے میں معاونت کرے گا۔ درخواست فارم مکمل کرنا آپ کی اپنی ذمہ داری ہے۔ بالغ ہونے کی حیثیت سے یہ آپ کے بچے کی ذمہ داری ہو گی کہ وہ اس بات کو یقینی بنائے کہ اسے تمام ضرورت کی خدمات مہیا ہو رہی ہیں۔

ٹرانزیشن پلاننگ کے راہنمائی کتابچے/گائڈ میں بالغ افراد کے لیے ممکنہ خدمات کے بارے میں معلومات مہیا ہیں۔ اس کتابچے میں اداروں کی اہلیت کی شرائط اور ان سے تعلق قائم کرنے کے طریقہء کار کے بارے میں معلومات موجود ہیں۔ یہ معلومات آپ کی اور آپ کے بچے کی ٹرانزیشن کے عمل کا آغاز کرنے میں اور بالغوں کی خدمات سے تعلق جوڑنے میں مدد کریں گی۔

درست ادارے سے تعلق قائم کرنے کے لیے سب سے پہلا قدم ٹرازیشن پلاننگ کے راہنمائی کتابچے کو پڑھنا ہے۔ اس راہنمائی کتابچے میں ایسی معلومات موجود ہیں جو صحیح ادارے کو چننے کے سلسلے میں مدد گار ہوں گی۔ آپ کے بچے کا سکول آپ کو رابطے کی مقامی معلومات اور درخواست بھرنے کے بارے میں مزید معلومات مہیا کر سکتا ہے۔

ٹرانزیشن پلاننگ گائڈ کا وصول ہونا، بالغوں کی خدمات کے اداروں سے تعلق قائم کرنے کے سلسلے کی پہلی کڑی ہے۔ اس راہنمائی کتابچے/گائڈ کو بانٹنا، ٹرانزیشن پلاننگ کا حصہ ہے، اور آپ کے اس فارم پر دستخط تصدیق کریں گے کہ آپ کو یہ راہنما کتابچہ/گائڈ مل گیا ہے۔

طالبِ علم کا نام: ______________________________

طالبِ علم کے دستخط: ______________________________

والد/والدہ/نگران کے دستخط: ______________________________

تاریخ: ______________________________

مقامی سکول کا نظام: ______________________________

(Maryland State Department of Education) ریاست میری لینڈ کا محکمہء تعلیم
(Division of Special Education/Early Intervention Services) شعبہ خصوصی تعلیم/ بروقت انسدادی خدمات
200 West Baltimore Street, 9th Floor
Baltimore, Maryland 21201
www.MarylandPublicSchools.org